(ترجمہ) آپؐ وہ شفاعت کرنے والے ہیں جن کو مقام محمود (جنت میں بلند ترین مقام) حاصل ہے اور آپؐ کا جھنڈا رفعت و بلندی کے ہاتھ نے مضبوطی سے پکڑ رکھا ہے جب حساب کے لئے تمام گروہ حاضر ہوئے۔ انہوں نے کہا: آپؐ آگے بڑھیں۔ آپ تمام لوگوں کے سردار ہیں۔ آپؐ پر درود بھیجو اور اچھی طرح سلام بھیجو۔

فَيَقُوْمُ بِالْبَابِ الْعَلِيِّ وَيَسْجُدُ
وَيَقُوْلُ : يَا مَوْلَایَ آنَ الْمَوْعِدُ
فَيُجَابُ : قُلْ يُسْمَعُ اِلَيْكَ مُحَمَّدُ
وَنُرِيْكَ مِنَّا نَضْرَةً وَ نَعِيْمَا
صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمَا

(ترجمہ) پس آپؐ بلند دروازے پر کھڑے ہو جائیں گے اور سجدہ کریں گے اور کہیں گے: اے میرے مالک! وہ وقت آگیا ہے۔ پس جواب دیا جائے گا۔ اے محمد ﷺ کہو تمہاری بات مانی جائے گی۔ ہم آپؐ کو اپنی طرف سے نوازش و کرم دکھائیں گے۔ آپؐ پر درود بھیجو اور ادب سے سلام بھیجو۔

(۲)

مُحَمَّدٌ صَفْوَةُ الْبَارِیْ وَ رَحْمَتُهُ
وَبُغْيَةُ اللّٰهِ مِنْ خَلْقٍ وَ مِنْ نَسَمِ

(ترجمہ) محمد ﷺ خالق کا انتخاب ہیں اور اس کی رحمت ہیں اور آپؐ مخلوق میں سے اور ذی روح چیزوں میں سے اللہ کے منتخب اور پسندیدہ ہیں۔

يَا اَفْصَحَ النَّاطِقِيْنَ الضَّادَ قَاطِبَةً
حَدِيْثُكَ الشَّهْدُ عِنْدَ الذَّائِقِ الْفَهِمِ

(ترجمہ) اے عربی بولنے والوں میں سے سب سے زیادہ فصیح گفتگو کرنے والے! سمجھ دار چکھنے والے کے لئے تیری گفتگو شہد کی طرح میٹھی ہے۔

بِكُلِّ قَوْلٍ كَرِيْمٍ اَنْتَ قَائِلُهُ
تُحْيِی الْقُلُوْبَ وَ تُحْيِی مَيِّتَ الْهِمَمِ

(ترجمہ) ہر نرم بات کے ذریعے جس کو آپؐ نے فرمایا، آپؐ دلوں کو زندہ کر دیتے ہیں اور مردہ

ہمت لوگوں کو زندگی بخش دیتے ہیں۔

اَتَیْتَ وَالنَّاسُ فَوْضٰی لَا تَمُرُّ بِهِمْ
اِلَّا عَلٰی صَنَمٍ قَدْ هَامَ فِی صَنَمِ

(ترجمہ) آپؐ تشریف لائے جبکہ لوگ منتشر تھے۔ آپؐ ان کے پاس سے نہیں گزرتے تھے مگر ایک پتھر (کافر) پر جس کے دل میں پتھر (بت) کا عشق سمایا ہوا تھا۔

وَالْاَرْضُ مَمْلُوْئَةٌ جَوْرًا مُسَخَّرَةٌ
لِكُلِّ طَاغِيَةٍ فِی الْخَلْقِ مُحْتَكِمِ

(ترجمہ) اور زمین (ملک) ظلم سے بھری پڑی تھی اور ہر سرکش کے لئے مطیع ہو گئی تھی۔ وہ مخلوق پر اپنا حکم چلاتا تھا۔

وَالْخَلْقُ يَفْتِكُ اَقْوَاهُمْ بِاَضْعَفِهِمْ
كَاللَّيْثِ بِالْبَهْمِ اَوْ كَالْحُوْتِ بِالْبَلَمِ

(ترجمہ) اور لوگوں میں سے جو زیادہ طاقتور تھے انہوں نے کمزوروں کو اپنی گرفت میں لے رکھا تھا جیسے شیر چارپائے کو اور بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو (اپنی گرفت میں لے لیتے ہیں)

اَخُوْكَ عِيْسٰی دَعَا مَيْتًا فَقَامَ لَهٗ
وَاَنْتَ اَحْيَيْتَ اَجْيَالًا مِنَ الرِّمَمِ

(ترجمہ) آپؐ کے بھائی عیسیٰ علیہ السلام نے مردے کو پکارا تو وہ اسکے لئے کھڑا ہو گیا اور آپؐ نے بوسیدہ ہڈیوں سے لوگوں کو زندہ کر دیا۔

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ مَا اَرَدْتَّ عَلٰی
نَزِيْلِ عَرْشِكَ خَيْرِ الرُّسْلِ كُلِّهِمِ

(ترجمہ) اے میرے رب! جب تک تو چاہے اپنے عرش کے مہمانؐ اور تمام رسولوں سے افضل رسولؐ پر رحمت کر اور سلامتی بھیج۔

اَلْاَسْئِلَةُ وَالتَّمَارِيْنُ

سوالات اور مشقیں

سوال نمبر ۱: اَجِبْ / اَجِيْبِيْ عَمَّا يَاْتِيْ۔

درج ذیل جواب دیں۔

سوال: هَلْ كَانَ النَّبِیُّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ رَؤُوْفًا بِالْمُؤْمِنِيْنَ؟
کیا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مسلمانوں پر مہربان تھے؟

جواب: نَعَمْ كَانَ النَّبِیُّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ رَؤُوْفًا بِالْمُؤْمِنِيْنَ
ہاں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مسلمانوں پر مہربان تھے۔

سوال: بِمَنْ هَدَی اللّٰهُ النَّاسَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ؟
کس کے ذریعے اللہ نے لوگوں کو سیدھی راہ دکھائی؟

جواب: بِرَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ هَدَی اللّٰهُ النَّاسَ الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ
اپنے رسول کریمؐ کے ذریعے اللہ نے لوگوں کو سیدھی راہ دکھائی۔

سوال: كَيْفَ كَانَ النَّاسُ قَبْلَ بِعْثَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟
رسول پاک ﷺ کی بعثت سے پہلے لوگ کیسے تھے؟

جواب: كَانَ النَّاسُ مُتَفَرِّقِيْنَ يَعْبُدُوْنَ الْاَصْنَامَ قَبْلَ بِعْثَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟
بعثت رسولؐ سے پہلے لوگ منتشر تھے اور بتوں کی پوجا کرتے تھے۔

سوال: مَا الْحَالَةُ الَّتِیْ كَانَتِ الْاَرْضُ عَلَيْهَا عِنْدَ مَا بُعِثَ النَّبِیُّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ السَّلَامُ؟
زمین کس حالت پر تھی جب نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے؟

جواب: كَانَتِ الْاَرْضُ مَمْلُوْءَةً جَوْرًا وَظُلْمًا وَمُسَخَّرَةً لِكُلِّ طَاغِيَةٍ
زمین جور و ظلم سے بھری پڑی تھی اور ہر سرکش کی اطاعت گزار تھی۔

الْاَقْوَالُ الْكَرَائِمُ

الْاَبْوَابُ الْعَلِيُّوْنَ

سوال نمبر ۵ : اِجْعَلْ / اِجْعَلِیْ الْمُضَافَ مُثَنًّى فِيْمَا يَاْتِیْ.

درجہ ذیل میں مضاف کو تثنیہ بناؤ۔

اَفْصَحُ النَّاطِقِيْنَ. حَدِيْثُكَ. اَخُوْكَ

جواب : مضاف تثنیہ :

اَفْصَحَا النَّاطِقِيْنَ

حَدِيْثَاكَ

اَخَوَاكَ

سوال نمبر ۶ : صَرِّفْ / صَرِّفِیْ الْمَصْدَرَ "فَتْكًا" تَصْرِيْفَ الْمُضَارِعِ وَالْاَمْرِ

مصدر "فَتْكًا" سے مضارع اور امر کی گردان کریں۔

جواب : گردان فعل مضارع

يَفْتِكُ .... وہ گرفت میں لیتا ہے / لے گا۔

يَفْتِكَانِ .... وہ (دونوں) گرفت میں لیتے ہیں / لیں گے

يَفْتِكُوْنَ .... وہ گرفت میں لیتے ہیں / لیں گے۔

تَفْتِكُ .... وہ گرفت میں لیتی ہے / لے گی۔

تَفْتِكَانِ .... وہ (دونوں) گرفت میں لیتی ہیں / لیں گی۔

يَفْتِكْنَ .... وہ گرفت میں لیتی ہیں / لیں گی۔

تَفْتِكُ .... تو گرفت میں لیتا ہے / لے گا۔

تَفْتِكَانِ .... تم (دونوں) گرفت میں لیتے ہو / لو گے۔

تَفْتِكُوْنَ .... تم گرفت میں لیتے ہو / لو گے۔

تَفْتِكِيْنَ .... تو گرفت میں لیتی ہے / لے گی۔

تَفْتِكَانِ .... تم دونوں گرفت میں لیتی ہو / لو گی۔

تَفْتِكْنَ .... تم گرفت میں لیتی ہو / لو گی۔

اَفْتِكُ .... میں گرفت میں / لیتا / لیتی ہوں۔

نَفْتِكُ .... ہم گرفت میں لیتے ہیں / لیں گے۔

گردان فعل امر

اِفْتِكْ .... وہ گرفت میں لے (ایک مرد)

اِفْتِكَا .... تم گرفت میں لو (دو مرد)

اِفْتِكُوْا .... تم گرفت میں لو (سب مرد)

اِفْتِكِیْ .... تو گرفت میں لے (ایک عورت)۔

اِفْتِكَا .... تم گرفت میں لو (دو عورتیں)

اِفْتِكْنَ .... تم گرفت میں لو (سب عورتیں)

سوال نمبر ۷ : تَرْجِمْ / تَرْجِمِیْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی میں ترجمہ کرو۔

(ا) رسول اللہ ﷺ مومنوں پر مہربان تھے۔

(ب) نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کی رحمت ہیں۔

(ج) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام عربی بولنے والوں میں فصیح ترین ہیں۔

(د) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نسلوں کو زندہ کر دیا۔

(ہ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے برگزیدہ ہیں۔

جواب : عربی ترجمہ :

(ا) كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَؤُوْفًا بِالْمُؤْمِنِيْنَ.

(ب) اَلنَّبِیُّ الْكَرِيْمُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ هُوَ رَحْمَةُ اللّٰهِ.

(ج) سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْصَحُ النَّاطِقِيْنَ الضَّادِ.

(د) اَحْیَ الرَّسُوْلُ الْكَرِيْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْيَالًا.

(ہ) سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ هُوَ بُغْيَةُ اللّٰهِ.

☆......☆......☆

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
كِتَابِیْ هٰذَا	میرا یہ خط	قُرِیَ	سنایا جائے۔
كَتَبَ	لکھا۔ فرض کیا	اَمَرَ	حکم دیا
خِفَافًا	غیر مسلح	ثِقَالًا	مسلح
جَاهِدُوْا	جہاد کرو	اَمْوَالٌ	مال کی جمع
اَنْفُس	جانیں۔ زندگیاں	فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ	اللہ کے راستے میں
فَرِیْضَةٌ	فرض	مَفْرُوْضَةٌ	لازمی
اِسْتَنْفَرْنَا	ہم نے کوچ کے لئے کہا	مِنْ قِبَلِنَا	اپنی طرف سے
سَارَعُوْا	انہوں نے جلدی کی	عَسْكَرُوْا	اکٹھے ہوئے
خَرَجُوْا	نکلے	حَسُنَتْ	اچھی تھی۔ نیک تھی
عَظُمَتْ	بڑھ گیا	حِسْبَةٌ	ثواب
سَارِعُوْا	جلدی کرو	وَلْتَحْسُنْ	اور اچھی ہونی چاہیے
اِحْدَی الْحُسْنَیَیْنِ	دو بھلائیوں میں سے ایک	اَلشَّهَادَةُ	شہادت
اَلْغَنِیْمَةُ	مال غنیمت	اَمَّا	یا
بِالْقَوْلِ	زبانی	دُوْنَ الْعَمَلِ	بغیر عمل کے
لَایُتْرَكَ	نہیں چھوڑا جائے گا	اَهْلُ عَدَاوَتِهٖ	دشمن
یَدِیْنُوْا	تسلیم کرلیں	یُقِرُّوْا	اقرار کریں
حُكْمٌ	فیصلہ	یُؤَدُّوْا	ادا کریں
اَلْجِزْیَةُ	جزیہ۔ غیر مسلم پر لگایا	صَاغِرُوْنَ	حقیر
"	جانے والا ٹیکس	حَفِظَ	حفاظت کرے
هَدٰی	ہدایت دے	زَكّٰی	پاک کرے
رَزَقَ	دے	اَلْمُجَاهِدِیْنَ	مجاہدین

متن اور ترجمہ

كَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰی مُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یُعَزِّیْهِ بِابْنٍ لَهٗ

مَاتَ:

اللہ کے رسول ﷺ نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو اس کے بیٹے کی تعزیت کے لئے خط لکھا جو فوت ہو گیا تھا۔

مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ) اِلٰى مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ (رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ)

محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے معاذ ابن جبل کی طرف

سَلَامٌ عَلَيْكَ

السلام علیکم

فَاِنِّیْ اَحْمَدُ اِلَيْكَ اللّٰهَ

پس میں اللہ سے تیرے لئے دعا کرتا ہوں۔

اَلَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اَمَّا بَعْدُ

امابعد

فَعَظَّمَ اللّٰهُ لَكَ الْاَجْرَ

پس اللہ تمہیں اجر عظیم عطا کرے۔

وَ اَلْهَمَكَ الصَّبْرَ

اور تمہیں صبر سے نوازے۔

وَرَزَقَنَا وَاِيَّاكَ الشُّكْرَ

اور ہمیں اور تجھ کو احسان مند بنائے۔

ثُمَّ اِنَّ اَنْفُسَنَا وَاَهْلِيْنَا وَمَوَالِيْنَا مِنْ مَوَاهِبِ اللّٰهِ السَّنِيَّةِ وَعَوَارِفِهِ الْمُسْتَوْدَعَةِ

اس کے بعد بے شک ہماری جانیں، ہمارے گھر والے اور ہمارے متعلقین اللہ کے عالی مرتبہ عطیات اور اس کے بھرپور انعامات ہیں۔

نُمَتَّعُ بِهَا اِلٰى اَجَلٍ مَعْدُوْدٍ

جن سے ہم ایک محدود مدت تک لطف اٹھاتے ہیں۔

وَتُقْبَضُ بِوَقْتٍ مَعْلُوْمٍ

اور ایک خاص وقت (یہ انعامات) واپس لے لئے جاتے ہیں۔

ثُمَّ افْتَرَضَ عَلَيْنَا الشُّكْرَ اِذَا اَعْطٰى

اَهْلِ الْيَمَنِ

اللہ کے رسول ﷺ کے خلیفہ کی طرف سے اہل یمن کے مسلمانوں اور مومنوں کی طرف جن کو میرا یہ خط پڑھ کر سنایا جائے۔

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ

السلام علیکم

فَاِنِّىْ اَحْمَدُ اِلَيْكُمُ اللّٰهَ

پس میں اللہ سے تمہارے لئے دعا کرتا ہوں۔

اَلَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

فَاَمَّا بَعْدُ

امابعد

فَاِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ الْجِهَادَ

بے شک اللہ نے مومنوں پر جہاد فرض کیا۔

وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا

اور ان کو حکم دیا کہ وہ مسلح اور غیر مسلح (دونوں حالتوں میں) جلدی سے (جہاد کے لئے) نکلیں

وَ قَالَ:

اور فرمایا:

"جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

"اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کے راستے میں جہاد کرو"

فَالْجِهَادُ فَرِيْضَةٌ مَفْرُوْضَةٌ

پس جہاد فرض ہے واجب ہے۔

وَثَوَابُهٗ عِنْدَ اللّٰهِ الْعَظِيْمُ

اور اللہ کے ہاں اس کا بڑا ثواب ہے۔

وَقَدِ اسْتَنْفَرْنَا مَنْ قِبَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى جِهَادِ الرُّوْمِ بِالشَّامِ

اور ہم نے مسلمانوں کو جنھوں نے ہمیں قبول کیا رومیوں کے خلاف جہاد کے لئے شام کی طرف نکلنے کو کہا۔

وَقَدْ سَارَعُوْا اِلٰى ذٰلِكَ

انہوں نے اس کی جلدی کی۔

وَعَسْكَرُوْا وَخَرَجُوْا

اور وہ جمع ہوئے اور نکل پڑے

وَحَسُنَتْ فِىْ ذٰلِكَ نِيَّتُهُمْ

اور اس بارے میں ان کی نیت نیک تھی۔

وَعَظُمَتْ فِى الْخَيْرِ حِسْبَتُهُمْ

اور اس نیکی میں ان کا اجر بڑا ہے۔

فَسَارِعُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِلٰى مَا سَارَعُوْا اِلَيْهِ

پس اے اللہ کے بندو! تم بھی جلدی کرو جس چیز کی طرف انہوں نے جلدی کی۔

وَلْتَحْسُنْ نِيَّتُكُمْ فِيْهِ

اور چاہیے کہ اس بارے میں تمہاری نیت نیک ہو۔

فَاِنَّكُمْ اِلٰى اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ

پس تم دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی کی طرف یقیناً جا رہے ہو۔

اِمَّا الشَّهَادَةُ

یا تو شہادت (تمہیں ملے گی)

وَ اِمَّا الْفَتْحُ وَالْغَنِيْمَةُ

اور یا فتح اور مال غنیمت (تمہیں ملے گا)

فَاِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَمْ يَرْضَ عَنْ عِبَادَةٍ بِالْقَوْلِ دُوْنَ الْعَمَلِ

پس بے شک اللہ تبارک و تعالیٰ عمل کے بغیر زبانی عبادت سے خوش نہیں۔

وَلَا يَتْرُكُ اَهْلَ عَدَاوَتِهٖ

اور اللہ کے دشمن نہیں چھوڑے جائیں گے۔

حَتّٰى يَدِيْنُوْا بِدِيْنِ الْحَقِّ

یہاں تک کہ وہ سچے دین (اسلام) کو اپنا لیں۔

وَيُقِرُّوْا بِحُكْمِ الْكِتَابِ

اور کتاب اللہ کے حکم کو تسلیم کر لیں۔

اَوْ يُؤَدُّوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ

یا اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔

وَهُمْ صَاغِرُوْنَ

ذلیل ہو کر۔

درج ذیل جملہ میں مفرد کو جمع میں تبدیل کریں

اَلْمُؤْمِنُ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ فِیْ مَيْدَانِ الْجِهَادِ اِذَا دُعِیَ اِلٰی ذٰلِكَ

مومن میدان جہاد میں اپنی تلوار سے جہاد کرتا ہے جب اس کو اس کی دعوت دی جائے۔

جواب : اَلْمُؤْمِنُوْنَ يُجَاهِدُوْنَ بِسُيُوْفِهِمْ فِیْ مَيَادِيْنِ الْجِهَادِ اِذَا دُعُوْا اِلٰی ذٰلِكَ

مومنین جہاد کے میدانوں میں اپنی تلواروں سے جہاد کرتے ہیں جب ان کو اس کی طرف بلایا جائے۔

سوال نمبر ۳ : غَيِّرْ/ غَيِّرِی الْفِعْلَ الْمَاضِیَ اِلَی الْمُضَارِعِ فِی الْجُمْلَةِ الْاٰتِيَةِ

درج ذیل جملہ میں فعل ماضی کو مضارع میں تبدیل کریں۔

"قَدْ جَمَعَ الْمُسْلِمُوْنَ اَسْلِحَةً وَجَاهَدُوْا بِهَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدِ احْتَسَبُوْا وَصَبَرُوْا"

مسلمانوں نے اسلحہ جمع کیا اور اس کے ذریعے اللہ کے راستے میں جہاد کیا اور قناعت کی اور صبر کیا۔

جواب : يَجْمَعُ الْمُسْلِمُوْنَ اَسْلِحَةً وَيُجَاهِدُوْنَ بِهَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَحْتَسِبُوْنَ وَيَصْبِرُوْنَ

مسلمان اسلحہ جمع کرتے ہیں اور اللہ کے راستے میں اس اسلحہ سے جہاد کرتے ہیں اور صبر و قناعت کرتے ہیں۔

سوال نمبر ۴ : اِسْتَخْدِمْ/ اِسْتَخْدِمِی الْمُفْرَدَاتِ الْاٰتِيَةَ فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ

درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کرو۔

مُسْتَوْدَعٌ. عَارِفَةٌ. غِبْطَةٌ. خَصْلَةٌ. مَوْعُوْدٌ. نَازِلٌ. خَلِيْفَةٌ. نِيَّةٌ. جِزْيَةٌ. فَرِيْضَةٌ

جواب : جملوں میں استعمال :

مُسْتَوْدَعٌ (امن کی جگہ)

نَحْنُ نَبْحَثُ عَنِ الْمَكَانِ الْمُسْتَوْدَعِ — ہم جائے امن تلاش کرتے ہیں۔

عَارِفَةٌ (نعمت)

هٰذِهٖ عَارِفَةٌ مِنَ اللّٰهِ — یہ اللہ کی نعمت ہے

غِبْطَةٌ (خوشی)

وَجَدْتُ غِبْطَتًا سُرُوْرًا فِیْ حَفْلَةِ الزَّوَاجِ — شادی کی محفل میں میں نے لطف و سرور پایا

خَصْلَةٌ (عادت)

اَلْكِذْبُ خَصْلَةُ الْمُنَافِقِ — جھوٹ بولنا منافق کی عادت ہے۔

مَوْعُوْدٌ (وعدہ)

تَنَجَّزْتُ الْمَوْعُوْدَ بَعْدَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ — تین دن کے بعد میں نے وعدہ پورا کیا۔

نَازِلٌ (نازل ہونے والا)

اَلْمَاءُ نَازِلٌ مِنَ السَّمَاءِ — پانی آسمان سے نازل ہوتا ہے۔

خَلِيْفَةٌ (خلیفہ۔ حکمران)

كَانَ اَبُوْبَكْرٍؓ خَلِيْفَةَ الْمُسْلِمِيْنَ الْاَوَّلَ — حضرت ابوبکرؓ مسلمانوں کے پہلے خلیفہ تھے۔

نِيَّةٌ (نیت)

حَسُنَتْ نِيَّةُ الرَّجُلِ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ — اس معاملے میں آدمی کی نیت ٹھیک تھی۔

جِزْيَةٌ (جزیہ)

اَلْجِزْيَةُ عَلَی الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ — جزیہ ان لوگوں پر لازم ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے۔

فَرِيْضَةٌ (فرض)

اَلصَّوْمُ فَرِيْضَةٌ مَفْرُوْضَةٌ — روزہ اہم فرض ہے۔

سوال نمبر ۵ : "سَارَعَ. يُسَارِعُ. مُسَارَعَةً" مِنْ بَابِ الْمُفَاعَلَةِ مِنْ "سَرَعَ" اِسْتَخْرِجْ/ اِسْتَخْرِجِیْ فِعْلًا آخَرَ مِنَ الدَّرْسِ الَّذِیْ جَاءَ مِنْ هٰذَا الْبَابِ

"سَارَعَ. يُسَارِعُ. مُسَارَعَةً" سرع سے باب مفاعلہ ہے۔ اس سبق سے دوسرا فعل نکالو جو اس باب سے آیا ہو۔

جواب : باب مفاعلہ :

(۱) جَاهِدُوْا (فعل امر از باب مفاعلہ)

سوال نمبر ۶ : حَوِّلْ / حَوِّلِیْ مَا يَاْتِیْ اِلَی الثُّلَاثِیِّ الْمُجَرَّدِ.

درج ذیل کو ثلاثی مجرد میں تبدیل کرو۔

اِلْهَامٌ. اِسْتَنْفَرَ. تَمْتِيْعٌ. اِبْتِلَاءٌ. اِنْجَازٌ

جواب :

ثلاثی مزید فیہ	ثلاثی مجرد
اِلْهَامٌ	لَهْمٌ
اِسْتِنْفَرَ	نَفَرَ
تَمْتِيْعٌ	مَتَعَ
اِبْتِلَاءٌ	بَلَاءٌ
اِنْجَازٌ	نَجْزٌ

سوال نمبر ۷ : تَرْجِمْ / تَرْجِمِیْ اِلَی الْعَرَبِيَّةِ مَا يَأْتِیْ

درج ذیل کا عربی میں ترجمہ کریں۔

۱۔ رسول اللہ ﷺ نے معاذؓ بن جبل کو خط لکھا۔

۲۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذؓ کے بیٹے کی تعزیت کی۔

۳۔ اللہ تعالیٰ ہمیں رزق دیتا ہے۔

۴۔ روح ایک امانت ہے۔

۵۔ گھبراہٹ سے لڑنے والا واپس نہیں آتا۔

جواب : عربی ترجمہ :

۱۔ كَتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ رِسَالَةً اِلٰی مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ.

۲۔ عَزّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مُعَاذًا لِابْنِهٖ.

۳۔ يَرْزُقُنَا اللّٰهُ تَعَالٰی.

۴۔ اَلرُّوْحُ مُسْتَوْدَعَةٌ.

۵۔ اَلْمُقَاتِلُ الْفَازِعُ لَا يَعُوْدُ.

☆......☆......☆

اَلدَّرْسُ الثَّانِیْ عَشَرَ

بارھواں سبق

اَلدُّوَلُ الْاِسْلَامِيَّةُ

(اسلامی ملک)

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلدُّوَلُ	ممالک۔ ملک	اَلْاِسْلَامِيَّةُ	اسلامی
قَدْ تَجَاوَزَ	بڑھ گئی ہے	عَدَدٌ	تعداد
اَلْمُسْتَقِلَّةُ	آزاد۔ خود مختار	اَلْيَوْمَ	آج
سِتًّا وَخَمْسِيْنَ	چھپن (۵۶)	دَوْلَةٌ	ملک
صَغِيْرَةٌ	چھوٹے	كَبِيْرَةٌ	بڑے
قَدْ حَصَلَتْ	حاصل کرلی ہے	عُضْوِيَّةٌ	رکنیت۔ ممبر شپ
اَلْاُمَمُ الْمُتَّحِدَةُ	اقوام متحدہ۔ یو این او	كَمَا	جیسے
اَعْضَاءٌ	ارکان۔ ممبرز	مُنَظَّمَةٌ	تنظیم
اَلْمُؤْتَمَرُ	کانفرنس	مَقَرٌّ	مرکز۔ ہیڈ کوارٹر
رَئِيْسِيٌّ	بڑا۔ ہیڈ	مَدِيْنَةٌ	شہر
جُدَّةُ	جدہ۔ سعودی عرب کا شہر	يَتَرَأَّسُهَا	اس کا سربراہ ہوتا ہے
يُنْتَخَبُ	منتخب کیا جاتا ہے	اَلْاَمِيْنُ الْعَامُّ	جنرل سیکرٹری
بِالتَّنَاوُبِ	باری باری	اَرْبَعُ سَنَوَاتٍ	چار سال
اَلْآسِيَوِيَّةُ	ایشیائی	اَلْاَفْرِيْقِيَّةُ	افریقی
مُعْظَمُ	زیادہ تعداد	اَلْعَرَبِيَّةُ	عربی۔ عرب

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلشَّرقُ الْاَوْسَطُ	مشرق وسطیٰ	يَقَعُ	واقع ہے
عَاصِمَةٌ	دارالخلافہ	اِفْرِيقِيَّةُ الشِّمَالِيَةُ	شمالی افریقہ
صَنْعَاء	یمن کے دارالخلافہ کا نام	سُوْرِيَا	شام کا ملک
اَلمَغرِبُ	مراکش	مَسْقَطُ	عمان کا دارالخلافہ
جُزُرُ القَمَرِ	قمر جزائر	الْاِمَارَاتُ العَرَبِيَّةُ	متحدہ عرب امارات
دَكَّةٌ	ڈھاکہ	اَلْمُتَحِدَةُ	،،
طَشْقَنْد	تاشقند	مَلْدِيْف	مالدیپ
مُوَحَّدَةٌ	متحدہ	قَازِجِسْتَان	قازقستان
اَلعَصْرُ العَبَّاسِى	عہد عباسیہ	اَلْاُوْلٰى	پہلا
قَامَتْ	قائم ہوئی	اِنْقَسَمَتْ	تقسیم ہوگئی
اِسْتَمَرَّتْ	جاری رہی۔ چلتی رہی	اَلْخِلَافَةُ العُثْمَانِيَةُ	عثمانی خلافت
نِهَايَةٌ	خاتمہ	تَفَرَّقَ	ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا
اَلْاِسْتِعْمَارُ	سامراج	اِحْتَلَّ	قبضہ کرلیا
اَلحَرْبُ العَالَمِيَّةُ	جنگ	اَلْغَرْبِى	مغربی
بِدَايَةٌ	آغاز	اَلثَّانِيَةُ	دوسری
اِسْتِقْلَالٌ	خودمختاری	تَحَرُّرٌ	آزادی
تَحْتَلُّ	واقع ہیں	غَنِيَّةٌ	امیر۔ دولت مند
خَرِيْطَةٌ	نقشہ	اِسْتِرَاتِيجِيَا	فوجی حکمت عملی کے اعتبار سے
مَكَانَةٌ	مقام	يُضِيْفُ	بڑھادیتا ہے
اَلوَحْدَةُ الشَّامِلَةُ	مکمل اتحاد	لَايَنْقُصُ	کمی نہیں۔ نقدان ہے
قَدْ ظَهَرَ	پیدا ہوئے ہیں	اَلْقِيَادَةُ الرَّشِيْدَةُ	نیک قیادت
اَلْمُصْلِحِيْنَ	ریفارمرز۔ اصلاح کرنے والے۔	اَلْقَادَةُ	رہنما۔ لیڈرز
		جُهُوْدًا جَبَّارَةً	زبردست کوششیں
اِيْقَاظٌ	بیدار کرنا۔ جگانا	بَذَلُوْا	کیں

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِيْقَاظٌ	بیدار کرنا۔ جگانا	وَحْدَةٌ	اتحاد
اُسُسٌ قَوِيْمَةٌ	درست بنیادیں	مَبَادِئُ سَامِيَةٌ	شاندار اصول
رَسُوْلُ الْاِسْلَامِ	اسلام کے رسولؐ	نَادٰى	پکارا
اَلوَحْدَوِيَةُ	اتحادی	تَبِعَ	اتباع کی
حَذَا حَذْوَهُ	اس کے نقش قدم پر چلا	زُعَمَاءُ	رہنما
تَحَقَّقَتْ	پوری ہوگئی	اُمْنِيَّةٌ	تمنا۔ آرزو
عُقِدَ	منعقد ہوئی	اَلْقِمَّةُ	سربراہی
مُؤتَمَرُ القِمَّةِ الاسلامی الاول	پہلی عالمی سربراہی کانفرنس	اَلْحَرِيْقُ	آتش زنی
اَلْاِمْكَانُ الْوَسِعَةُ	وسیع امکانات	اَلْمَوَارِدُ	پیداوار
مِلْيَار	لاکھوں	تُمَثِّلُ	نمائندگی کرتا ہے
اَلْمُنَظَّمَاتُ	تنظیمیں	اِحْدٰى	ایک
اَلْهَامَةُ	اہم	اَلدُّوَلِيَّةُ	بین الاقوامی
نَهْضَةٌ	اٹھان۔ بیداری	تَقُوْمُ بِدَوْرِهَا	اپنا کردار ادا کرتی ہیں
اُسِّسَ	بنیاد رکھی	رَابِطَةٌ	جماعت۔ لیگ
نُقِلَ	منتقل ہوا	اَلْاَكْبَرُ	بڑا
		مَكْتَبٌ فَرْعِيٌّ	ذیلی دفتر

متن اور ترجمہ

قَدْ تَجَاوَزَ عَدَدُ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِيَّةِ الْمُسْتَقِلَّةِ اَلْيَوْمَ سِتًّا وَ خَمْسِيْنَ دَوْلَةً بَيْنَ صَغِيْرَةٍ وَ كَبِيْرَةٍ

آج آزاد اسلامی ملکوں کی تعداد چھوٹے بڑے چھپن (۵۶) ملکوں سے بڑھ گئی ہے۔

وَ قَدْ حَصَلَتْ كُلُّ دَوْلَةٍ عَلٰى عُضْوِيَّةٍ فِي الْاُمَمِ الْمُتَحِدَةِ

اور ہر ملک نے اقوام متحدہ میں رکنیت حاصل کرلی ہے۔

كَمَا اَنَّ هٰذِهِ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِيَّةَ كُلَّهَا اَعْضَاءٌ لِمُنَظَّمَةِ الْمُؤتَمَرِ الْاِسْلَامِى

جیسا کہ یہ تمام اسلامی ملک تنظیم اسلامی کانفرنس کے ارکان ہیں۔

وَ مَقَرُّهَا الرَّئِیْسِیُّ فِیْ مَدِیْنَةِ جِدَّة.

اور ان (ممالک) کا جنرل ہیڈ کوارٹر جدہ کے شہر میں ہے۔

وَیَتَرَأَسُهَا الاَمِیْنُ العَامُّ

اور جنرل سیکرٹری اس کا سربراہ ہے۔

الَّذِیْ یُنْتَخَبُ بَعْدَ کُلِّ اَرْبَعِ سَنَوَاتٍ بِالتَّنَاوُبِ مِنَ الدُّوَلِ الاِسْلَامِیَّةِ الاِفْرِیْقِیَّةِ اَو الآ
السِیوِیَّةِ شَاوِ الدُّوَلِ الاِسْلَامِیَّةِ العَرَبِیَّةِ.

جو ہر چار سال کے بعد اسلامی افریقی ممالک یا ایشیائی ممالک یا اسلامی عرب ممالک سے منتخب کیا جاتا ہے۔

الَّتِیْ مُعْظَمُهَا یَقَعُ فِی الشَّرْقِ الاَوْسَطِ اَوفِیْ اِفْرِیْقِیَّةِ الشَّمَالِیَّةِ

جن کی بھاری تعداد مشرق وسطیٰ میں یا شمالی افریقہ میں واقع ہے۔

فَاَمَّا الدُّوَلُ الاِسْلَامِیَّةُ الَّتِیْ تَقَعُ فِی الشَّرْقِ الاَوْسَطِ

بہر حال اسلامی ممالک جو مشرق وسطیٰ میں واقع ہیں۔

فَمِنْهَا:

پس ان ممالک میں سے یہ ہیں:

اَلسُّعُوْدِیَّةُ وَعَاصِمَتُهَا الرِّیَاضُ

سعودیہ اور اس کا دارالخلافہ ریاض ہے۔

وَمِصْرُ وَعَاصِمَتُهَا القَاهِرَةُ

اور مصر اور اس کا دارالخلافہ قاہرہ ہے۔

وَالعِرَاقُ وَعَاصِمَتُهَا بَغْدَادُ

اور عراق اور اس کا دارالخلافہ بغداد ہے۔

وَسُوْرِیَا وَعَاصِمَتُهَا دِمَشْقُ

اور شام اور اس کا دارالخلافہ دمشق ہے۔

وَالاُرْدُنُّ وَ عَاصِمَتُهَا عَمَّانُ

اور اردن اور اس کا دارالخلافہ عمان ہے۔

وَلُبْنَانُ وَعَاصِمَتُهَا بَیْرُوْتُ

اور لبنان اور اس کا دارالخلافہ بیروت ہے۔

وَالیَمَنُ وَعَاصِمَتُهَا صَنْعَاءُ

اور یمن اور اس کا دارالخلافہ صنعاء ہے۔

وَعُمَانُ وَعَاصِمَتُهَا مَسْقَطُ

اور عمان اور اس کا دارالخلافہ مسقط ہے۔

وَالاِمَارَاتُ العَرَبِیَّةُ المُتَحِدَةُ وَعَاصِمَتُهَا اَبُوْظَبِیْ

اور متحدہ عرب امارات اور اس کا دارالخلافہ ابو ظہبی ہے۔

وَالکُوَیْتُ وَهِیَ العَاصِمَةُ

اور کویت اور یہی (کویت) اس کا دارالخلافہ ہے۔

وَمِنَ الدُّوَلِ الاِسْلَامِیَّةِ الاِفْرِیْقِیَّةِ:

اسلامی افریقی ممالک میں سے یہ ہیں:

اَلجَزَائِرُ وَهِیَ العَاصِمَةُ

جزائر اور یہی (جزائر) اس کا دارالخلافہ ہے۔

وَالمَغْرِبُ وَعَاصِمَتُهَا الرِّبَاطُ

اور مراکش اور اس کا دارالخلافہ رباط ہے۔

وَتُوْنِسُ وَهِیَ العَاصِمَةُ

اور تونس اور یہی (تونس) اس کا دارالخلافہ ہے۔

وَلِیْبِیَا وَ عَاصِمَتُهَا طَرَابُلُس

اور لیبیا اور اس کا دارالخلافہ طرابلس ہے۔

وَمُوْرِیْطَانِیَا وَعَاصِمَتُهَا نَوَاکْشُوْط

اور موریتانیا اور اس کا دارالخلافہ نواکشوت ہے۔

وَنِیْجِیْرِیَا وَعَاصِمَتُهَا لَاغُوْس

اور نائجیریا اور اس کا دارالخلافہ لاغوس ہے۔

وَجِیْبُوْتِیْ وَهِیَ العَاصِمَةُ

اور جیبوتی اور یہی (جیبوتی) اس کا داراخلافہ ہے۔

وَجُزُرُ القَمَرِ وَعَاصِمَتُهَا مُوْرُوْنِی

اور قمر جزیرے اور اس کا دار الخلافہ مورونی ہے۔

وَمِنَ الدُّوَلِ الإِسْلَامِيَّةِ الآسيَوِيَّة

اور اسلامی ایشیائی ملکوں سے یہ ہیں :

إِيْرَانُ وَعَاصِمَتُهَا طهْرَان

ایران اور اس کا دار الخلافہ تہران ہے۔

وَتُرْكِيَا وَعَاصِمَتُهَا أنقرة

اور ترکی اور اس کا دار الخلافہ انقرہ ہے۔

وَبَاكِسْتَان وَعَاصِمَتُهَا إسْلَام آباد

اور پاکستان اور اس کا دار الخلافہ اسلام آباد ہے۔

وَبَنجلَادِيش وَعَاصِمَتُهَا دَاكَّة

اور بنگلہ دیش اور اس کا دار الخلافہ ڈھاکہ ہے۔

وَمَلْدِيفُ وَعَاصِمَتُهَا مَالي

اور مالدیپ اور اس کا دار الخلافہ مالی ہے۔

وَأَفْغَانِسْتَان وَعَاصِمَتُهَا كَابُل

اور افغانستان اور اس کا دار الخلافہ کابل ہے۔

وَأُزْبكستان (طَشْقَنْد)

اور ازبکستان اس کا دار الخلافہ تاشقند ہے۔

وَطَاجكسْتَان (دُوشَنْبَة)

اور طاجکستان اور اس کا دار الخلافہ دوشنبہ ہے۔

وَتُركمَانِسْتَان (أَشْكَبَار)

اور ترکمانستان اس کا دار الخلافہ اشک آباد ہے۔

وَقَازَجِسْتَان (أَلْمَاتَا)

اور قازقستان اس کا دار الخلافہ الماتا ہے۔

وَآذَربيجَان (بَاكُو)

اور آذربائیجان اس کا دار الخلافہ باکو ہے۔

وَكَانَتِ الخِلَافَةُ الإِسْلَامِيَّةُ دَوْلَةً وَاحِدَةً مُوَحَّدَةً

خلافت اسلامی ایک ملک تھا

وَكَانَتْ عَاصِمَتُهَا الأُوْلَى هِيَ المَدِيْنَةُ المُنَوَّرَةُ

اور اس کا پہلا دار الخلافہ مدینہ منورہ تھا۔

ثُمَّ دِمَشْقُ حَتَّى العَصْرِ العَبَّاسِيِّ

پھر دمشق بن گیا یہاں تک کہ عباسی عہد آگیا۔

وَفِيْهِ انْقَسَمَتِ الخِلَافَةُ الإِسْلَامِيَّةُ

اور اس دور میں اسلامی خلافت تقسیم ہوگئی۔

الى الخِلَافَة العَبَّاسِيَّة فِي بَغْدَاد

خلافت عباسیہ بغداد میں قائم ہوئی۔

وَالفَاطِمِيَّة فِي تُونس ثُمَّ فِي القَاهِرَة

خلافت فاطمی تیونس میں پھر قاہرہ میں قائم ہوئی۔

وَالى الأُمَوِيَّة فِي قُرْطَبَةِ الأَندلس

خلافت اموی اندلس کے شہر قرطبہ میں قائم ہوئی۔

ثُمَّ قَامَتِ الخِلَافَةُ العُثْمَانِيَّةُ

پھر خلافت عثمانی قائم ہوئی۔

وَاسْتَمَرَّتْ إِلَى سَنَةِ ١٩٢٣م

اور ۱۹۲۳ء تک رہی۔

وَتَفَرَّقَ العَالَمُ الإِسْلَامِيُّ بَعْدَ نِهَايَةِ الدَّوْلَةِ العُثْمَانِيَّةِ

اور عثمانی حکومت کے خاتمہ کے بعد عالم اسلام بکھر گیا۔

وَاحْتَلَّ الاِسْتِعْمَارُ الغَرْبِيُّ مُعْظَم بِلَادِهِ

اور اس کے بہت سے علاقوں پر مغربی سامراج نے قبضہ کر لیا۔

وَكَانَتْ نِهَايَةُ الحَرْبِ العَالَمِيَّةِ الثَّانِيَةِ هِيَ بِدَايَةُ تَحَرُّرِ العَالَمِ الإِسْلَامِيِّ وَاسْتِقْلَالِهِ

دوسری عالمی جنگ کا خاتمہ اسلامی دنیا کی آزادی اور خود مختاری کا آغاز ثابت ہوا۔

وَمُعْظَمُ الدُّوَلِ الإِسْلَامِيَّةِ غَنِيَّةٌ جِدًّا

اور بہت سے اسلامی ملک بہت امیر ہیں۔

وَهِيَ تَحْتَلُّ مَوْقِعًا اسْتِرَاتِيجِيًّا هَامًّا جِدًّا عَلَى خَرِيطَةِ العَالَمِ

اور دنیا کے نقشہ پر دنیا کی نقطہ نظر سے بہت اہم مقام پر واقع ہے

ممّا يُضيفُ إلى مكانةِ العالمِ الإسلاميّ وأهمّيّته

اس بات نے عالم اسلامی کے مقام اور اس کی اہمیت میں اضافہ کر دیا ہے۔

ولا يَنقُصُها إلّا الوَحدةُ الشّاملةُ والقِيادةُ الرَّشيدةُ

اور ان کو کسی چیز کی کمی نہیں سوائے مکمل اتحاد اور نیک قیادت کے۔

وقد ظهر في الأمّة عددٌ من القادةِ المُصلِحين

اور اس امت میں اصلاح کرنے والے رہنما پیدا ہوئے۔

وبذلوا جُهودًا جبّارةً في إيقاظِها والدَّعوةِ إلى إصلاحِها ووَحدتِها على أسسٍ قويمةٍ

ومبادئَ ساميةٍ ممّا جاء به رسولُ الإسلامِ محمّدٌ صلّى اللهُ عليه وآله وسلّم

انہوں نے اس (امت) کو جگانے اور اس کو اصلاح کی دعوت دینے اور درست بنیادوں اور شاندار اصولوں پر اتحاد کرنے کے لئے زبردست کوششیں کیں۔ جن اصولوں کو اسلام کے رسول حضرت محمد ﷺ لے کر آئے تھے۔

وقد نادى بهذه المبادئ الوحدويّة الإسلاميّة العلّامةُ السيّدُ جمالُ الدّين الأفغاني

علامہ سید جمال الدین افغانی نے ان اسلامی اتحاد کے اصولوں کی طرف دعوت دی۔

ومن تبعه وحذا حذوه من زعماء الأمّة الإسلاميّة

(اور انہوں نے بھی دعوت دی) جنہوں نے اس (افغانی) کی اتباع کی اور آپ کے نقش قدم پر چلے یعنی اسلامی امت کے رہنما۔

مثل الشيخ محمّد عبده المصريّ والعلّامة محمّد إقبال وغيرهما

جیسے شیخ محمد عبدہ مصری اور علامہ محمد اقبال وغیرہ۔

وقد تحقّقت أمنيّة الوحدة الإسلاميّة

اور اسلامی اتحاد کی آرزو پوری ہو گئی۔

حين عُقد مؤتمر القمّة الإسلاميّ الأوّل في مدينة الرّباط بالمغرب

جب مراکش کے شہر رباط میں پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس منعقد ہوئی۔

بعد الحريق الّذي أُصيب به المسجد الأقصى ثمّ أصبح المؤتمر منظّمةً مستقلّةً دائمةً

پھر یہ کانفرنس ایک مستقل تنظیم بن گئی۔

ومقرُّها بمدينة جدّة في المملكة العربيّة السّعوديّة

اور اس کا ہیڈ کوارٹر سعودی عرب کے شہر جدہ میں ہے۔

وهذه الدُّوَلُ الإسلاميّةُ غنيّةٌ بالموارد والإمكانات الواسعة

اور یہ اسلامی ملک پیداوار اور وسیع امکانات کی وجہ سے دولت مند ہیں۔

وهي تمثّل أكثر من مليار مسلم في العالم

اور یہ دنیا کے لاکھوں مسلمانوں سے زیادہ کی نمائندہ کرتے ہیں۔

ومنظّمة المؤتمر الإسلاميّ اليوم إحدى المنظّمات الدّوليّة الهامّة

اور آج اسلامی کانفرنس کی تنظیم اہم بین الاقوامی تنظیموں میں سے ایک ہے۔

وهناك منظّمات أخرى تقوم بدورها في وحدة الأمّة ونهضتها

اور دوسری تنظیمیں ہیں جو امت کی وحدت اور اس کی اٹھان کے لئے اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

والمؤتمر الإسلاميّ الّذي أنشأه السيّد أمين الحسينيّ مفتي فلسطين الأكبر بمدينة القدس.

اور اسلامی کانفرنس جس کی بنیاد فلسطین کے بڑے مفتی سید امین الحسینی نے قدس کے شہر میں رکھی۔

ثمّ نقل مقرّه إلى السّعوديّة

پھر اس کا ہیڈ کوارٹر سعودیہ منتقل ہو گیا۔

وله مكتب فرعيّ في باكستان

اور اس کا ذیلی دفتر پاکستان میں ہے۔

مشقیں

سوال نمبر ۱: أجب / أجيبي عن الأسئلة التّالية

درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

سوال: ما عدد الدّول الإسلاميّة المستقلّة اليوم؟

آج اسلامی آزاد ملکوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: قد تجاوز عددها اليوم ستًّا وخمسين دولةً

آج ان کی تعداد چھپن سے تجاوز کر چکی ہے۔

سوال: اَیْنَ الْمَقَرُّ الرَّئِیْسِیُّ لِمُنَظَّمَۃِ الْمُؤتَمَرِ الْاِسْلَامِیِّ؟

تنظیم اسلامی کانفرنس کا صدر مقام کہاں ہے ؟

جواب: لَہَا الْمَقَرُّ الرَّئِیْسِیُّ بِمَدِیْنَۃِ جِدَّۃَ فِی الْمَمْلَکَۃِ الْعَرَبِیَّۃِ السَّعُوْدِیَّۃِ.

اس کا صدر مقام سعودی عرب کا شہر جدہ ہے۔

سوال: مَا ھِیَ الدَّوْلَۃُ الْاِسْلَامِیَّۃُ الَّتِیْ لَہَا عَاصِمَتَانِ؟

وہ کون سا اسلامی ملک ہے جس کے دو دار الخلافے ہیں ؟

جواب: الدَّوْلَۃُ الْاِسْلَامِیَّۃُ الْفَاطِمِیَّۃُ کَانَتْ لَہَا عَاصِمَتَانِ. تُوْنُس وَ الْقَاہِرَۃُ.

اسلامی فاطمی ملک کے دو دار الخلافے تھے، تونس اور قاہرہ۔

سوال: کَیْفَ یُنْتَخَبُ الْاَمِیْنُ الْعَامُ لِمُنَظَّمَۃِ الْمُؤتَمَرِ الْاِسْلَامِیِّ؟

اسلامی کانفرنس کی تنظیم کا جنرل سیکرٹری کس طرح منتخب کیا جاتا ہے ؟

جواب: یُنْتَخَبُ الْاَمِیْنُ الْعَامُ لِمُنَظَّمَۃِ الْمُؤتَمَرِ الْاِسْلَامِیِّ بَعْدَ کُلِّ اَرْبَعِ سَنَوَاتٍ بِالتَّنَاوُبِ مِنَ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِیَّۃِ.

اسلامی کانفرنس تنظیم کا جنرل سیکرٹری اسلامی ملکوں سے باری باری ہر چار سال کے بعد منتخب کیا جاتا ہے۔

سوال: مَا ھِیَ الْعَاصِمَۃُ الْاُوْلٰی لِلْخِلَافَۃِ الْاِسْلَامِیَّۃِ؟

خلافت اسلامی کا پہلا دار الخلافہ کون سا ہے ؟

جواب: اَلْمَدِیْنَۃُ الْمُنَوَّرَۃُ ھِیَ الْعَاصِمَۃُ الْاُوْلٰی لِلْخِلَافَۃِ الْاِسْلَامِیَّۃِ.

مدینہ منورہ، اسلامی خلافت کا پہلا دار الخلافہ ہے۔

سوال: اَیْنَ عُقِدَ مُؤْتَمَرُ الْقِمَّۃِ الْاِسْلَامِیُّ الْاَوَّلُ؟

پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس کہاں منعقد ہوئی ؟

جواب: فِیْ مَدِیْنَۃِ الرِّبَاطِ ... بِالْمَغْرِبِ.

مراکش کے شہر رباط میں۔

سوال نمبر ۲ : اِمْلَأ / اِمْلَئِی الْفَرَاغَاتِ بِکَلِمَاتٍ مُنَاسِبَۃٍ:

درج ذیل خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پر کریں۔

(ا) کَانَتِ الْخِلَافَۃُ .... دَوْلَۃً وَاحِدَۃً ....

(ب) اِیْرَانُ مِنَ .... الْاِسْلَامِیَّۃِ الْآسِیَوِیَّۃِ.

(ج) اَلدُّوَلُ الْاِسْلَامِیَّۃُ تَحْتَلُّ .... اِسْتِرَاتِیْجِیًا ھَامًّا.

(د) لَا یَنْقُصُ الدُّوَلُ الْاِسْلَامِیَّۃُ اِلَّا الْوَحْدَۃَ الشَّامِلَۃَ .... الرَّشِیْدَۃَ.

جواب: مکمل جملے :

(ا) کَانَتِ الْخِلَافَۃُ الْاِسْلَامِیَّۃُ دَوْلَۃً وَاحِدَۃً مُوَحَّدَۃً.

خلافت اسلامی ایک متحدہ ملک تھا۔

(ب) اِیْرَانُ مِنَ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِیَّۃِ الْآسِیَوِیَّۃِ.

ایران اسلامی ایشیائی ملکوں میں سے ہے۔

(ج) اَلدُّوَلُ الْاِسْلَامِیَّۃُ تَحْتَلُّ مَوْقِعًا اِسْتِرَاتِیْجِیًا ھَامًّا.

اسلامی ممالک دفاعی نقطہ نظر سے اہم جگہ پر واقع ہیں۔

(د) لَا یَنْقُصُ الدُّوَلُ الْاِسْلَامِیَّۃُ اِلَّا الْوَحْدَۃَ الشَّامِلَۃَ وَالْقِیَادَۃَ الرَّشِیْدَۃَ.

اسلامی ممالک میں صرف مکمل اتحاد اور نیک قیادت کی کمی ہے۔

سوال نمبر ۳ : صَحِّحْ / صَحِّحِیْ الْجُمَلَ الْآتِیَۃَ:

درج ذیل جملوں کی تصحیح کریں۔

(ا) اَلْعَاصِمَۃُ بَاکِسْتَانُ ھُوَ اِسْلَام آبَاد.

(ب) اَلْخِلَافَۃُ الْعُثْمَانِیْ اِسْتَمَرَّ اِلٰی ۱۹۲۳ ع.

(ج) اَلْمُعْظَمُ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِیَّۃِ غَنِیٌّ جِدًّا.

جواب: درست جملے :

(ا) عَاصِمَۃُ بَاکِسْتَانَ ھِیَ اِسْلَام آبَاد.

پاکستان کا دار الخلافہ اسلام آباد ہے۔

(ب) اَلخِلَافَةُ العُثْمَانِيَّةُ اِسْتَمَرَّتْ اِلٰی ۱۹۲۳ ع.

خلافت عثمانی ۱۹۲۳ء تک رہی۔

(ج) مُعْظَمُ الدُّوَلِ الاِسْلَامِيَّةِ غَنِيَّةٌ جِدًّا.

زیادہ اسلامی ممالک بہت مالدار ہیں۔

سوال نمبر ۴: اِسْتَخْدِمْ / اِسْتَخْدِمِي المُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

عُضْوٌ. مُسْتَقِلٌّ. عَاصِمَةٌ. تَنَاوُبٌ. مَوْقِعٌ. اِسْتِرَاتِيْجِيٌّ.

جواب: جملوں میں استعمال:

عُضْوٌ (رکن)

بَاكِسْتَانُ عُضْوٌ مِنْ اَعْضَاءِ لِمُنَظَّمَةِ المُؤتَمَرِ الاِسْلَامِيِّ.

پاکستان اسلامی کانفرنس کی تنظیم کا ممبر ہے۔

مُسْتَقِلٌّ (آزاد۔ خود مختار)

وَطَنُنَا بَلَدٌ مُسْتَقِلٌّ.

ہمارا وطن آزاد ملک ہے۔

عَاصِمَةٌ (دارالخلافہ)

اِسْلَامَ آباد عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ.

اسلام آباد پاکستان کا دارالخلافہ ہے۔

تَنَاوُبٌ (باری باری)

يُنْتَخَبُ الرَّئِيْسُ بِالتَّنَاوُبِ مِنَّا.

صدر ہم میں سے باری باری منتخب ہوتے ہیں۔

مَوْقِعٌ اِسْتِرَاتِيْجِيٌّ (فارم)

اِسْتَمِعْ هٰذَا مَوْقِعٌ اِسْتِرَاتِيْجِيٌّ.

سنو! یہ دفاعی اہمیت والی جگہ ہے۔

سوال نمبر ۵: اَلتَّنَاوُبُ تَفَاعُلٌ مِنْ "نَابَ يَنُوْبُ نَوْبَةً" حَوِّلْ / حَوِّلِيْ مَا يَأْتِيْ اِلَى التَّفَاعُلِ ثُمَّ صَرِّفْهُ / صَرِّفِيْهِ مَاضِيًا وَ مُضَارِعًا:

ظَهَرَ يَظْهَرُ ظُهُوْرًا

وَقَسَمَ يَقْسِمُ قِسْمَةً

اَلتَّنَاوُبُ "نَابَ يَنُوْبُ نَوْبَةً" سے باب تفاعل ہے۔ درج ذیل کو باب تفاعل میں تبدیل کریں اور پھر اس کی گردان ماضی اور مضارع میں کریں:

ظَهَرَ يَظْهَرُ ظُهُوْرًا

وَقَسَمَ يَقْسِمُ قِسْمَةً

جواب: تَظَاهَرَ يَتَظَاهَرُ تَظَاهُرًا

تَقَاسَمَ يَتَقَاسَمُ تَقَاسُمًا

جواب: **تَظَاهُرٌ سے ماضی کی گردان**

تَظَاهَرَ	واحد مذکر غائب
تَظَاهَرَا	تثنیہ مذکر غائب
تَظَاهَرُوْا	جمع مذکر غائب
تَظَاهَرَتْ	واحد مونث غائب
تَظَاهَرَتَا	تثنیہ مونث غائب
تَظَاهَرْنَ	جمع مونث غائب
تَظَاهَرْتَ	واحد مذکر حاضر
تَظَاهَرْتُمَا	تثنیہ مذکر حاضر
تَظَاهَرْتُمْ	جمع مذکر حاضر
تَظَاهَرْتِ	واحد مونث حاضر
تَظَاهَرْتُمَا	تثنیہ مونث حاضر
تَظَاهَرْتُنَّ	جمع مونث حاضر
تَظَاهَرْتُ	واحد متکلم
تَظَاهَرْنَا	جمع متکلم

تَظَاهُرٌ سے مضارع کی گردان

يَتَظَاهَرُ	واحد مذکر غائب
يَتَظَاهَرَانِ	تثنیہ مذکر غائب
يَتَظَاهَرُوْنَ	جمع مذکر غائب
تَتَظَاهَرُ	واحد مونث غائب
تَتَظَاهَرَانِ	تثنیہ مونث غائب
يَتَظَاهَرْنَ	جمع مونث غائب
تَتَظَاهَرُ	واحد مذکر حاضر
تَتَظَاهَرَانِ	تثنیہ مذکر حاضر
تَتَظَاهَرُوْنَ	جمع مذکر حاضر
تَتَظَاهَرِيْنَ	واحد مونث حاضر
تَتَظَاهَرَانِ	تثنیہ مونث حاضر
تَتَظَاهَرْنَ	جمع مونث حاضر
اَتَظَاهَرُ	واحد متکلم
نَتَظَاهَرُ	جمع متکلم

تَقَاسُمٌ سے ماضی کی گردان

تَقَاسَمَ	واحد مذکر غائب
تَقَاسَمَا	تثنیہ مذکر غائب
تَقَاسَمُوْا	جمع مذکر غائب
تَقَاسَمَتْ	واحد مونث غائب
تَقَاسَمَتَا	تثنیہ مونث غائب
تَقَاسَمْنَ	جمع مونث غائب
تَقَاسَمْتَ	واحد مذکر حاضر
تَقَاسَمْتُمَا	تثنیہ مذکر حاضر

تَقَاسَمْتُمْ	جمع مذکر حاضر
تَقَاسَمْتِ	واحد مونث حاضر
تَقَاسَمْتُمَا	تثنیہ مونث حاضر
تَقَاسَمْتُنَّ	جمع مونث حاضر
تَقَاسَمْتُ	واحد متکلم
تَقَاسَمْنَا	جمع متکلم

تَقَاسُمٌ سے مضارع کی گردان

يَتَقَاسَمُ	واحد مذکر غائب
يَتَقَاسَمَانِ	تثنیہ مذکر غائب
يَتَقَاسَمُوْنَ	جمع مذکر غائب
تَتَقَاسَمُ	واحد مونث غائب
تَتَقَاسَمَانِ	تثنیہ مونث غائب
يَتَقَاسَمْنَ	جمع مونث غائب
تَتَقَاسَمُ	واحد مذکر حاضر
يَتَقَاسَمَانِ	تثنیہ مذکر حاضر
تَتَقَاسَمُوْنَ	جمع مذکر حاضر
تَتَقَاسَمِيْنَ	واحد مونث حاضر
تَتَقَاسَمَانِ	تثنیہ مونث حاضر
تَتَقَاسَمْنَ	جمع مونث حاضر
اَتَقَاسَمُ	واحد متکلم
نَتَقَاسَمُ	جمع متکلم

سوال نمبر ۳ : خُذْ/ خُذِیْ اَرْبَعَةَ مِنَ الْمُفْرَدَاتِ مِنَ الدَّرْسِ وَهَاتِ/ هَاتِیْ لَهَا جُمُوْعَهَا:

سبق میں سے چار مفرد الفاظ چنو اور ان کی جمع بتاؤ۔

جواب :

واحد	جمع
دَوْلَةٌ	دُوَلٌ
عُضْوٌ	اعضاءٌ
حَرْبٌ	حُرُوْبٌ
خَرِيْطَةٌ	خرائطُ

سوال نمبر ٦ : تَرْجِمْ/ تَرْجِمِيْ مَا يَاتِيْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ.

درج ذیل کا عربی میں ترجمہ کرو۔

(ا) عرب ممالک زیادہ تر مشرق وسطی میں واقع ہیں۔

(ب) پاکستان اقوام متحدہ کا رکن ہے۔

(ج) قاہرہ مصر کا دارالحکومت ہے۔

(د) دوسری عالمی جنگ کا خاتمہ عالم اسلام کی آزادی کا آغاز تھا۔

(ہ) پاکستان کو دنیا کے نقشے میں اہم فوجی پوزیشن حاصل ہے۔

جواب : عربی ترجمہ :

(ا) مُعْظَمُ الدُّوَلِ الْاِسْلَامِيَّةِ يَقَعُ فِى الشَّرْقِ الْاَوْسَطِ.

(ب) بَاكِسْتَانُ عُضْوٌ لِلْاُمَمِ الْمُتَحِدَةِ.

(ج) اَلْقَاهِرَةُ هِيَ عَاصِمَةُ مِصْرَ.

(د) كَانَتْ نِهَايَةُ الْحَرْبِ الْعَالَمِيَّةِ الثَّانِيَةِ هِيَ بِدَايَةُ تحرُّر العالم الْاِسْلَامِيِّ.

(ہ) تحتلُّ بَاكِسْتَانُ موقعًا استراتيجيًا هامًا على خريطة العالم

☆ ☆ ☆

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ عَشَرَ

تیرہواں سبق

فِيْ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ

ڈاک خانے میں

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لِوَلَدِهٖ	اپنے بیٹے سے	تَعَالْ	آؤ
كُنْتَ تُرِيْدُ	تو چاہتا تھا	تُصَاحِبُنِيْ	تو میرے ساتھ جائیگا
فها	لیجئے	ذَاهِبٌ	جا رہا ہوں
اِرْسَالٌ	بھیجنا	اَلْخِطَابَاتُ	خطوط
لَحْظَةً وَاحِدَةً	ایک منٹ	مُسْتَعِدٌّ	تیار
يَصِلَان	دونوں پہنچتے ہیں	مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ	ڈاک خانہ
يَضَعُ	ڈالتا ہے	الصُّنْدُوْقُ الْمَنْصُوْبُ	نصب کیا گیا لیٹر بکس
الصُّنْدُوْقُ	لیٹر بکس	اَلْمَنْصُوْبُ	نصب کیا گیا
الغَرَضُ	مقصد	لِمَ	کس لئے
نَضَعُ	ہم ڈالتے ہیں	نُرِيْدُ	ہم چاہتے ہیں
يَلْتَقِطُ	حاصل کرتا ہے	سَاعِيْ الْبَرِيْدِ	ڈاکیا
تُخْتَمُ	لگائی جاتی ہیں	طَابِعٌ	ٹکٹ
تاريْخُ الْاِرْسَالِ	بھیجنے کی تاریخ	تُرْسَلُ	بھیجے جاتے ہیں
القطاراتُ	ریل گاڑیاں	اَلطَّائِرَاتُ	ہوائی جہاز
البَوَاخِرُ	کشتیاں، بحری جہاز	اَمَاكِنُ	جگہیں

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلعَنَاوِینُ	عنوانات۔ پتے	اَلَّتِیْ تَحْمِلُهَا	جن کو وہ اٹھاتے ہیں
یُوَزِّعُ	وہ تقسیم کرتا ہے	تُوْضَعُ	رکھا جاتا ہے
صَنَادِیقُ	لیٹر بکس	خَاصَّةٌ	اسپیشل، خاص
اِسْتَاجَرَ	کرائے پر لینا	لِاَنْفُسِهِمْ	اپنے لئے
یَاْخُذُوْنَ	پکڑتے ہیں، لیتے ہیں	نِظَامٌ	نظام، سسٹم
دَقِیْقٌ	عمدہ	مَضْبُوْطٌ	باضابطہ، پختہ
یَرْبِطُ	رابطہ قائم کرتا ہے	اَقْصَی اَنْحَاءِ الْعَالَمِ	دنیا کے دور دراز علاقے
وَسِیْلَةٌ	ذریعہ	اَرْخَصُ	سستا
یَدْخُلَانِ	دونوں داخل ہوتے ہیں	مُوَظَّفٌ	ملازم
اَهْلًا وَ سَهْلًا	خوش آمدید	اُرِیْدُ	میں چاہتا ہوں
اُرْسِلُ	میں بھیجتا ہوں	مُسَجَّلًا	رجسٹرڈ
کَمْ یُکَلِّفُ	کتنا خرچہ ہوگا	هَاتِ	دو
اَزِنُ	میں تولتا ہوں	اَلْمِیْزَانُ	ترازو
مِاَةَ جَرَامٍ	سو گرام	یُکَلِّفُكَ	آپ کا خرچہ ہوگا
تِسْعَ رُوْبِیَاتٍ	نو روپے	عِلْمُ الْوُصُوْلِ	اکنالجمنٹ رسید
خُذْ	لو	اَلْاِسْتِمَارَةُ	فارم
اِمْلَأْ	پر کرو	اِشْتَرِ	خریدو
اَلطَّوَابِعُ	ٹکٹیں	اَلشُّبَّاكُ	کھڑکی، ونڈو
مِنْ فَضْلِكَ	مہربانی فرما کر	شُکْرًا	شکریہ
زِنْ	وزن کرو	اَلطَّرْدُ	پیکٹ
اَلْبَرِیْدُ الْجَوِّیُّ	ہوائی ڈاک، ایئر میل	یَزِنُهُ	وہ اس کو تولتا ہے
مِائَتَیْ	دو سو	هٰذَا کَثِیْرٌ	یہ بہت زیادہ ہے
غَالِیًا	مہنگی	اَصْبَحَ	ہو گئی
تَخْفِیْفٌ	کمی۔ آسانی	اَلتَّکَالِیْفُ	اخراجات، ٹیکس
اَلْبَرِیْدُ الْعَادِیُّ	عام ڈاک	مُهِمٌّ	اہم

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لَا بُدَّ	ضروری	یَمْلَأُ	پر کرتا ہے
یَذْهَبَانِ	دونوں جاتے ہیں	اَلْاٰخِرُ	دوسری
صَبَاحَ الْخَیْرِ	صبح بخیر	اَعْطِنِیْ	مجھے دیجئے
تِسْعَ وَ مِائَتَیْ	دو سو نو	طَیِّبٌ	خوب
یَفْتَحُ	کھولتا ہے	سِجِلٌّ	سرکاری کاغذات
یُخْرِجُ	نکالتا ہے	"	رجسٹر
یُنَاوِلُ	دیتا ہے	اَلْصِقْ	چسپاں کرو
اَلظَّرْفُ	لفافہ	عِشْرُوْنَ	بیس
اِرْفَقْ	لگاؤ	یُحَاوِلُ	کوشش کرتا ہے
اِلْصَاقٌ	چسپاں کرنا	یَجِدُ	پاتا ہے
اَلصَّمْغُ	گوند	غَیْرَ کَافٍ	ناکافی
تَفَضَّلْ	لیجئے	دَبُّوْسٌ	کامن پن
لَوْ سَمَحْتَ	اگر آپ اجازت دیں	طَوْعُ اَمْرِكَ	سر تسلیم خم ہے،
هَا هُوَ ذَا	یہ لیجئے	"	آپ کا حکم مانتا ہوں
شُکْرًا جَزِیْلًا	بہت بہت شکریہ	یَضُمُّ	نتھی کرتا ہے
یَرْجِعَانِ	لوٹ آتے ہیں	اَلْصَقْنَا	ہم نے چسپاں کر دیا
رَقْمُ التَّسْجِیْلِ	رجسٹری نمبر	یُخْتِمُ	مہر لگاتا ہے
یَدْفَعُ	دیتا ہے	اِیْصَالًا	رسید
عَفْوًا	کوئی بات نہیں	اَسْعَارٌ	قیمتیں، اخراجات
اَلْعَاجِلُ	ایکسپریس، جلد پہنچ جانیوالی	فَرَنْسَا	فرانس
اِنْجِلْتَرَا	انگلینڈ	اِذْهَبْ	جاؤ
اَلْخَامِسُ	پانچویں	عَنْ یَمِیْنِكَ	اپنی داہنی جانب
اَوْزَانٌ	وزن کی جمع	قَائِمَةٌ بِالْاَسْعَارِ	نرخ نامہ
مَعَ السَّلَامَةِ	خدا حافظ	حَقًّا	واقعی
فَکَّرَ	سوچا	قَدِیْمًا	پرانے وقتوں میں

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلمُراسلَةُ	خط و کتابت	اِستَخدَم	استعمال کیا
حَمَامُ الزَّاجِل	پیغام رساں کبوتر	اَلخَیلُ	گھوڑے
وَسَائِلُ	ذرائع	اَلمُختَرعاتُ	ایجادات
اِنشَاءُ	قائم کرنا	اَلحَدِیثَةُ	جدید

متن اور ترجمہ

عثمان: (لِوَلَدِہٖ سَعِید)

(اپنے بیٹے سعید سے)

تَعَالْ یَا سَعِیدُ!

اے سعید آؤ!

کُنتَ تُرِیدُ اَنْ تُصَاحِبَنِی اِلَی مَکتَبِ البرِید

تو میرے ساتھ ڈاک خانے جانا چاہتا تھا۔

فَهَا اَنَا ذَاهِبٌ لِاِرْسَال بَعْضِ الْخِطَابَاتِ

تو میں کچھ خطوط بھیجنے جا رہا ہوں۔

سعید: لَحظَةٌ وَاحِدَةٌ وَ اَنَا مُستَعِدٌّ.

میں ایک لمحے میں تیار ہوں۔

(یَصِلَان اِلَی مَکتَبِ البرِیدِ

(دونوں ڈاک خانے پہنچتے ہیں

وَ یَضَعُ عُثمَانُ الخِطَابَات فِی الصُّنْدُوْق المَنصُوب لِهٰذَا الغَرْض)

اور عثمان اس مقصد کے لئے نصب شدہ لیٹر بکس میں خطوط ڈالتا ہے)

سعید: لِمَ نَضَعُ الخِطَابَاتِ فِی هٰذَا الصُّنْدُوْق؟

ہم اس ڈبے میں خطوط کیوں ڈالتے ہیں؟

عثمان: نَضَعُ فِیهِ مَا نُرِیدُ اِرْسَالَهُ مِنَ الخِطَابَاتِ.

ہم اس میں وہ خطوط ڈالتے ہیں جن کو ہم بھیجنا چاہتے ہیں۔

لِکَیْ یَلْتَقِطَهَا سَاعِی البَرِیدِ.

تاکہ ان کو ڈاکیا حاصل کر لے۔

ثُمَّ تُختَمُ بِطَابِعٍ عَلَیْهِ تَارِیخُ الاِرْسَال.

پھر اس پر مہر لگائی جاتی ہے جس پر بھیجنے کی تاریخ درج ہوتی ہے۔

ثُمَّ تُرْسَلُ بِالقِطَارَاتِ وَالطَّائِرَاتِ وَالبَوَاخِرِ اِلَی اَمَاکِنَ مُختَلِفَةٍ حَسَب العَنَاوِیْن الَّتِی تَحْمِلُهَا.

پھر ان کو ریل گاڑیوں، ہوائی جہازوں اور بحری جہازوں کے ذریعے پتوں کے مطابق مختلف مقامات کی طرف بھیجا جاتا ہے جو پتے ان کے اوپر (لکھے) ہوتے ہیں۔

فَیُوَزِّعُهَا سَاعِی البَرِیدِ هُنَاكَ

تو ڈاکیا وہاں ان کو تقسیم کر دیتا ہے۔

اَوْ تُوضَعُ فِی صَنَادِیقَ خَاصَّةٍ

یا ذاتی لیٹر بکسوں میں ڈال دیئے جاتے ہیں۔

اِستَاجَرَهَا النَّاسُ لِاَنفُسِهِمْ

جو لوگوں نے کرائے پر اپنے لیے لئے ہوتے ہیں۔

فَیَاْخُذُونَهَا مِنْهَا

پس وہ ان (لیٹر بکسوں) سے ان (خطوط) کو لے لیتے ہیں۔

سعید: نِظَامٌ دَقِیقٌ مَضبُوطٌ

عمدہ پختہ نظام ہے۔

عثمان: نَعَمْ، وَ مُفِیدٌ جِدًّا

ہاں، اور بہت مفید ہے۔

اِنَّهُ یَربِطُ بَیْنَ النَّاسِ فِی اَقْصَی اَنحَاءِ العَالَمِ بِوَسِیْلَةِ الخِطَابَاتِ بِاَرْخَص ثَمن مُمْکِنٍ.

یہ دنیا کے دور دراز علاقوں کے لوگوں کے درمیان ہر ممکن سستے داموں رابطہ قائم رکھتا ہے۔

(یَدْخُلَان اِلَی مَکْتَبِ البَرِیْدِ)

(دونوں ڈاک خانے میں داخل ہوتے ہیں)

عثمان: (لِمُوظَّفِ البَرِیْدِ): اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

(ڈاک کے ملازم سے) السلام علیکم،

الموظف: وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ، اَہْلًا وَ سَہْلًا

وعلیکم السلام، خوش آمدید۔

عثمان: اُرِیْدُ اَنْ اُرْسِلَ ہٰذَا الخِطَابَ اِلٰی کُوْئِتَہ مُسَجَّلًا فَکَمْ یُکَلِّفُ ذٰلِکَ؟

میں یہ خط کوئٹہ کی طرف رجسٹری کر کے بھیجنا چاہتا ہوں، تو اس کا کتنا خرچہ ہو گا؟

الموظف: ہَاتِ الخِطَابَ یَا سَیِّدِیْ حَتّٰی اَزِنَہٗ

جناب یہ خط دیجیے تاکہ میں اس کا وزن کروں۔

(یَاخُذُ الخِطَابَ وَ یَزِنُہٗ فِی المِیْزَانِ)

(وہ خط لیتا ہے اور ترازو میں اس کو تولتا ہے)

ہٰذَا مِائَۃُ جَرَامٍ

یہ سو گرام ہے۔

وَیُکَلِّفُکَ مُسَجَّلًا تِسْعَ رُوْبِیَّاتٍ

اور رجسٹری پر آپ کو نو روپے کا خرچہ ادا کرنا ہو گا۔

عثمان: وَلٰکِنِّیْ اُرِیْدُ بِعِلْمِ الوُصُوْلِ اَیْضًا

لیکن میں تو اکنالجمنٹ رسید بھی چاہتا ہوں۔

الموظف: خُذْ ہٰذِہِ الاِسْتِمَارَۃَ اِذَنْ بِرُوْبِیَّۃٍ

تو پھر ایک روپے کے عوض یہ فارم لو۔

وَاشْتَرِ الطَّوَابِعَ مِنْ ذٰلِکَ الشُّبَّاکِ

اور اس کھڑکی سے ٹکٹیں خریدیے۔

وَتَعَالَ مِنْ فَضْلِکَ

اور مہربانی کر کے آیئے۔

عثمان: شُکْرًا وَزِنْ ہٰذَا الطَّرْدَ اَیْضًا مِنْ فَضْلِکَ

شکریہ اور مہربانی کر کے اس پیکٹ کو بھی وزن کریں۔

اُرِیْدُ اِرْسَالَہٗ اِلَی السُّعُوْدِیَّۃِ مُسَجَّلًا وَ بِالبَرِیْدِ الجَوِّیِّ

میں اس کو رجسٹری کر کے ہوائی ڈاک کے ذریعے سعودیہ بھیجنا چاہتا ہوں۔

الموظف: (یَاخُذُ الطَّرْدَ وَ یَزِنُہٗ)

(وہ پیکٹ لیتا ہے اور اس کا وزن کرتا ہے)

ہٰذَا یُکَلِّفُکَ مِائَتَیْ رُوْبِیَۃٍ

اس پر آپ کا خرچہ دو سو روپے آئے گا۔

عثمان: ہٰذَا کَثِیْرٌ

یہ بہت زیادہ ہے۔

البَرِیْدُ اَصْبَحَ غَالِیًا

ڈاک مہنگی ہو گئی ہے۔

الموظف: کُلُّ شَیْءٍ اَصْبَحَ غَالِیًا

ہر چیز مہنگی ہو گئی ہے۔

فَاِنْ کُنْتَ تُرِیْدُ تَخْفِیْفًا فِی التَّکَالِیْفِ فَاَرْسِلْہُ بِالبَرِیْدِ العَادِیِّ

پس اگر آپ اخراجات میں کمی چاہتے ہیں تو اس کو عام ڈاک کے ذریعے بھیج دیں۔

عثمان: لَا اِنَّہٗ مُہِمٌّ لَا بُدَّ مِنَ التَّسْجِیْلِ

نہیں، یہ بہت اہم ہے، رجسٹری ضروری ہے۔

(یَمْلَأُ عُثْمَانُ الاِسْتِمَارَۃَ وَ یَذْہَبَانِ اِلَی الشُّبَّاکِ الآخَرِ)

(عثمان فارم پر کرتا ہے اور دونوں دوسری کھڑکی کی طرف جاتے ہیں)

عثمان: صَبَاحُ الخَیْرِ

صبح بخیر

اَعْطِنِیْ مِنْ فَضْلِکَ طَوَابِعَ بِتِسْعٍ وَ مِائَتَیْ رُوْبِیَۃٍ

مہربانی کر کے مجھے دو سو نو روپے کے برابر ٹکٹ دیں۔

الموظف: طَیِّبٌ یَا سَیِّدِیْ

جناب بہت بہتر

یَفْتَحُ سِجِلًّا کَبِیْرًا وَ یُخْرِجُ مِنْہُ الطَّوَابِعَ)

(وہ رجسٹر کھولتا ہے اور اس سے ٹکٹیں نکالتا ہے)

ها هي الطوابع

ٹکٹیں لیجیے۔

عثمان: شكرًا

شکریہ

(يأخذ الطوابع و يُنا ولها سعيدًا)

(وہ ٹکٹیں لیتا ہے اور ان (ٹکٹوں) کو سعید کو پکڑاتا ہے)

خذ يا سعيدُ

سعید! یہ لو۔

الصقها على الظرْف والطرْد

ان کو لفافے اور پیکٹ پر چپکا دو۔

سعيد: مائتا رُوْبِيةٍ للطرْدِ و عشرُوْن رُوْبِيةً للظرْف؟

دو سو روپے پیکٹ کے اور بیس روپے لفافے کے؟

عثمان: نعم، وارْفِق الاستمارة ايضًا بالظرْف

ہاں اور فارم بھی لفافے کے ساتھ لگا دو۔

سعيد: طيّبٌ.........

بہتر.........

(يُحاوِلُ إلصاق الطوابع فيجدُ الصمْغ غير كافٍ)

(وہ ٹکٹیں چپکانے کی کوشش کرتا ہے تو گوند کو ناکافی پاتا ہے)

هل يُوْجَدُ صمغٌ؟

کیا گوند ہے؟

الموظف: نعمْ، تفضّلْ .... (يُناوِلُهُ الصمْغ)

ہاں لیجیے، .... (وہ اس کو گوند پکڑاتا ہے)

سعيد: شكرًا .... وَ أُرِيْدُ ايضًا دبُّوسًا لو سمحْت

شکریہ .... اور میں کامن پن بھی چاہتا ہوں اگر آپ کی اجازت ہو۔

الموظف: طوْعَ امْرِكَ . ها هُوَ ذا.

یہ تمام تم ہے، یہ لیجیے۔

سعيد: شكرًا جزيلًا

بہت بہت شکریہ

(يُلصِقُ الطوابع بالصمْغ)

(گوند کے ساتھ ٹکٹیں چپکاتا ہے)

ويضمُّ الاستمارة الى الظرْف بالدبُّوس

اور کامن پن سے لفافے کے ساتھ فارم لگاتا ہے۔

ثُمَّ يرجعان الى الشُّبّاك الأوّل)

پھر دونوں پہلی کھڑکی کی طرف لوٹ آتے ہیں۔

عثمان: تفضّلْ، قدْ ألصقْنا الطوابع

لیجیے، ہم نے ٹکٹیں چسپاں کر دی ہیں۔

الموظف: اهلًا.

خوش آمدید۔

(يضع رقْم التسجيل على الظرْف والطرْد

وہ لفافے اور پیکٹ پر رجسٹری نمبر لگاتا ہے۔

ويختمها

اور ان پر مہر لگاتا ہے۔

ثم يدفعُ الى عثمان ايصالًا لكُلٍّ منهما)

پھر ان دونوں میں سے ہر ایک کی رسید عثمان کو دے دیتا ہے)

عثمان: شكرًا

شکریہ

الموظف: عفوًا

کوئی بات نہیں۔

عثمان: لوْ سمحْت أُرِيْدُ ايضًا

آپ کی اجازت سے، میں یہ بھی چاہتا ہوں۔

ان اعرف اسعار البريد العادئ والبريد العاجل والمستعجل الى فرنسا و انجلترا.

کہ فرانس اور انگلینڈ کے لئے عام ڈاک، ایکسپریس ڈاک اور ارجنٹ ڈاک کے نرخ معلوم کروں۔

الموظف: اذهبْ من فضلك الى الشبّاك الخامس عن يمينك

مہربانی کرکے آپ اپنی دائیں طرف پانچویں کھڑکی پر جائیں۔

وخذْ من هناك قائمة بالاسعار مع ذكر اوزان الطرود والخطابات

اور وہاں سے نرخ نامہ لیں جس میں پیکٹوں اور لفافوں کے وزن کا بھی ذکر ہوگا۔

عثمان: شكرًا جزيلًا

بہت بہت شکریہ

الموظف: عفوًا مع السّلامة

کوئی بات نہیں، خدا حافظ

(يخرجان من مكتب البريد

(دونوں ڈاک خانے سے نکلتے ہیں

و بيد سعيدٍ قائمةُ الاسعار)

اور سعید کے ہاتھوں میں نرخ نامہ ہے)

سعيد: هذا نظامٌ مفيدٌ حقًّا يا ابی.

ابا جان، یہ نظام واقعی مفید ہے۔

عثمان: نعم، فكّر الانسانُ قديمًا فى المراسلة

ہاں، انسان نے پرانے وقتوں میں خط و کتابت کے بارے میں سوچا۔

فاستخدم لهذا الغرض حمامَ الزّاجل والخيل و غير ذلك من الوسائل

پس اس نے اس غرض کیلئے پیغام رساں کبوتر اور گھوڑے اور ان کے علاوہ دوسرے وسائل استعمال کئے۔

حتّى امكنته المخترعات الحديثة مثل القطار والطّائرة من انشاء هذا

یہاں تک کہ جدید ایجادات جیسے ریل گاڑی اور ہوائی جہاز نے اس مضبوط نظام کے قیام کو اس (انسان) کے لئے ممکن بنا دیا۔

مشقیں

سوال نمبر ۱: اجبْ / اجيبى عن الاسئلة التالية.

درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

سوال: اين يضعُ عثمانُ الخطابات؟

عثمان خطوط کہاں ڈالتا ہے؟

جواب: يضعُ عثمانُ الخطابات فى صندوق البريد.

عثمان لیٹر بکس میں خطوط ڈالتا ہے۔

سوال: لم نضعُ الخطابات فى الصّندوق؟

ہم خطوط لیٹر بکس میں کیوں ڈالتے ہیں؟

جواب: نضعُ الخطابات فيه لكى يلتقطها ساعى البريد من هناك و يُرسلها الى المكتوب اليه.

ہم خطوط اس میں اس لئے ڈالتے ہیں تاکہ ان کو ڈاکیا وہاں سے اٹھائے اور مکتوب الیہ کی طرف بھیج دے۔

سوال: فى ایّ شىءٍ تُرسلُ الخطابات؟

کس چیز میں خطوط بھیجے جاتے ہیں؟

جواب: تُرسلُ الخطاباتُ فى القطارات و الطّائرات والبواخر

خطوط ریل گاڑیوں، ہوائی جہازوں اور بحری جہازوں کے ذریعے بھیجے جاتے ہیں۔

سوال: فيما فكّر الانسانُ قديمًا؟

پرانے وقتوں میں انسان نے کس چیز کے بارے میں سوچا؟

جواب: فكّر الانسانُ قديمًا فى المراسلة.

پرانے وقتوں میں انسان نے خط وکتابت کے بارے میں سوچا۔

سوال: ماذا استخدم لهذا الغرض؟

اس مقصد کے لئے اس نے کیا استعمال کیا؟

جواب: استخدم لهذا الغرض حمام الزاجل والخيل

اس مقصد کے لئے اس نے پیغام رساں کبوتر اور گھوڑے استعمال کئے۔

سوال نمبر ۲: املأ / املئي الفراغات فيما يأتي:

درج ذیل خالی جگہوں کو پر کریں۔

(ا) أنا .... لإرسال الخطابات.

(ب) يختمها بطابع عليه .... الإرسال.

(ج) إنه .... بين الناس في أقصى .... العالم

(د) إن كنت تريد تخفيفا في .... فأرسله بالبريد ....

جواب: مکمل جملے:

(ا) أنا ذاهب لإرسال الخطابات.

میں خطوط ارسال کرنے جا رہا ہوں۔

(ب) يختمها بطابع عليه تاريخ الإرسال.

ٹکٹ پر وہ مہر لگاتا ہے جس پر بھیجنے کی تاریخ ہوتی ہے۔

(ج) إنه يربط بين الناس في أقصى أنحاء العالم

وہ دنیا کے دور دراز کی اطراف میں لوگوں کے درمیان رابطہ قائم کرتا ہے۔

(د) إن كنت تريد تخفيفا في التكاليف فأرسله بالبريد العادي

اگر آپ خرچے میں کمی چاہتے ہیں تو اسکو عام ڈاک کے ذریعے بھیج دیں۔

سوال نمبر ۳: صحح / صححي الجمل الآتية:

درج ذیل جملوں کی تصحیح کریں۔

(ا) هاتي الخطاب يا سيدي حتى أزنه.

(ب) كل شيء أصبحت غاليا.

(ج) هل يوجد صمغا؟

(د) أريد أيضا دبوس

جواب: درست جملے:

(ا) هاتي الخطاب يا سيدي حتى أزنه.

جناب خط دیجئے تاکہ میں اس کا وزن کروں۔

(ب) كل شيء أصبح غاليا.

ہر چیز مہنگی ہوگئی۔

(ج) هل يوجد صمغ؟

کیا گوند ہے؟

(د) أريد أيضا دبوسا.

مجھے کامن پن بھی چاہیے۔

سوال نمبر ۴: استخدم / استخدمي الكلمات الآتية في جمل مفيدة:

درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

خطاب . طابع . مسجل . يكلف . استمارة . مهم . طرد . صمغ . دبوس . رقم.

جواب: جملوں میں استعمال:

خطاب (خط)

قرأت خطابك — میں نے آپ کا خط پڑھا۔

طابع (ٹکٹ)

الصق هنا طابعا — ایک ٹکٹ یہاں لگاؤ۔

مسجل (رجسٹرڈ)

سأرسل هذا الخطاب مسجلا — میں یہ خط رجسٹری کر کے بھیجوں گا۔

يكلف (خرچہ اٹھتا ہے)

هٰذَا الطَّرْدُ يُكَلِّفُكَ مِائَةَ رُوْبِيَةٍ. اس پیکٹ پر آپ کا خرچہ سو روپے اٹھے گا۔

اِسْتِمَارَةٌ (فارم)

اِمْلَأْ هٰذِهِ الْاِسْتِمَارَةَ فَوْرًا. آپ فوراً یہ فارم پر کریں۔

مُهِمٌّ (اہم)

هٰذَا مُهِمٌّ جِدًّا. یہ بہت اہم ہے۔

طَرْدٌ (پیکٹ)

مَا ذَا فِيْ طَرْدِكَ هٰذَا؟ آپ کے اس پیکٹ میں کیا ہے؟

صَمْغٌ (گوند)

هَلْ يُوْجَدُ صَمْغٌ؟ کیا گوند ہے؟

دَبُّوْسٌ (کامن پن)

هَلْ عِنْدَكَ دَبُّوْسٌ؟ کیا آپ کے پاس کامن پن ہے؟

رَقْمٌ (نمبر)

مَا هُوَ رَقْمُكَ؟ آپ کا کتنا نمبر ہے؟

سوال نمبر ۵ : هَاتِ / هَاتِيْ جُمُوْعَ الْمُفْرَدَاتِ وَمُفْرَدَاتِ الْجُمُوْعِ.

واحد کی جمع اور جمع کی واحد بتائیں۔

مَكْتَبٌ. صُنْدُوْقٌ. طَوَابِعُ. بَوَاخِرُ. مِيْزَانٌ. اِسْتِمَارَةٌ. اَمَاكِنُ. عَنَاوِيْنُ. طَرْدٌ. اَسْعَارٌ.

جواب :

واحد	جمع
مَكْتَبٌ	مَكَاتِبُ
صُنْدُوْقٌ	صَنَادِيْقُ
مِيْزَانٌ	مَوَازِيْنُ
اِسْتِمَارَةٌ	اِسْتِمَارَاتٌ
طَرْدٌ	طُرُوْدٌ

جمع	واحد
طَوَابِعُ	طَابَعٌ
بَوَاخِرُ	بَاخِرَةٌ
اَمَاكِنُ	مَكَانٌ
عَنَاوِيْنُ	عُنْوَانٌ
اَسْعَارٌ	سِعْرٌ

سوال نمبر ۶ : هَاتِ/ هَاتِيْ صِيْغَةَ الْمَاضِيْ مِنَ الْمُضَارِعِ وَصِيْغَةَ الْمُضَارِعِ مِنَ الْمَاضِيْ:

مضارع سے ماضی کا صیغہ اور ماضی سے مضارع کا صیغہ بناؤ۔

يُرِيْدُ. يُكَلِّفُ. اَصْبَحَ. اَرْسَلَ. يُخْرِجُ. يُلْصِقُ. يَضُمُّ. فَكَّرَ. يُوَزِّعُ. اَمْكَنَ

جواب :

مضارع	ماضی
يُرِيْدُ	اَرَادَ
يُكَلِّفُ	كَلَّفَ
يُخْرِجُ	اَخْرَجَ
يُلْصِقُ	اَلْصَقَ
يَضُمُّ	ضَمَّ
يُوَزِّعُ	وَزَّعَ

ماضی	مضارع
اَصْبَحَ	يُصْبِحُ
اَرْسَلَ	يُرْسِلُ
فَكَّرَ	يُفَكِّرُ
اَمْكَنَ	يُمْكِنُ

سوال نمبر ۷ : اَلْتَقِطْ/ اَلْتَقِطِيْ اَسْمَاءَ الْاِشَارَةِ مِمَّا يَاْتِيْ

درج ذیل سے اسمائے اشارہ چنیں۔

(ا) أُرِيْدُ اَنْ أُرْسِلَ هٰذَا الْخِطَابَ مُسَجَّلًا.

میں اس خط کو رجسٹری کر کے بھیجنا چاہتا ہوں۔

(ب) خُذْ هٰذِهِ الْاِسْتِمَارَةَ وَامْلَأْهَا.

یہ فارم لیں اور اس کو پر کریں۔

(ج) اِشْتَرِ الطَّوَابِعَ مِنْ ذٰلِكَ الشُّبَّاكِ

اس کھڑکی سے ٹکٹیں خریدیں۔

جواب : پہلے فقرے میں هٰذَا، دوسرے فقرے میں هٰذِهٖ اور تیسرے فقرے میں ذٰلك اسمائے اشارہ ہیں۔

سوال نمبر ۸ : هَاتِ / هَاتِيْ صِيغَةَ الْمُثَنّٰى وَالْجَمْعِ مِنَ الْاِسْمَيْنِ التَّالِيَيْنِ ثُمَّ اسْتَخْدِمْهَا/ اِسْتَخْدِمِيْهَا فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ.

درج ذیل دو اسموں سے تثنیہ اور جمع کا صیغہ بتائیں۔ پھر ان کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

جواب : اَلَّذِیْ اسم موصول ہے۔ اس سے تثنیہ کا صیغہ اَللَّذَانِ آتا ہے اور جمع کا صیغہ اَلَّذِیْنَ جبکہ اَلَّتِیْ اسم موصول ہے۔ مؤنث کے لئے آتا ہے، اس سے تثنیہ کا صیغہ اللَّتَان اور جمع کا صیغہ اَللَّاتِیْ آتا ہے۔

جملوں میں استعمال :

اَللَّذَانِ: اَللَّذَانِ يُسَاعِدَانِ الْفُقَرَاءَ هُمَا رَجُلَانِ صَالِحَانِ.

جو دو (آدمی) غریبوں کی مدد کرتے ہیں وہ دونوں نیک آدمی ہیں۔

اَلَّذِيْنَ: اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا فَنَجَوْا مِنَ النَّارِ.

جو ایمان لائے پس انہوں نے آگ سے نجات پائی۔

اَللَّتَانِ: هُمَا اِمْرَأَتَانِ صَالِحَتَانِ اللَّتَانِ تَقْرَءَانِ الْقُرْآنَ الْكَرِيْمَ.

وہ دونوں نیک عورتیں ہیں جو قرآن کریم پڑھتی ہیں۔

اَلَّاتِيْ: اَلْبَنَاتُ الَّاتِيْ تُكْرِمْنَ الْاَسَاتِذَةَ هُنَّ صَالِحَاتٌ.

جو لڑکیاں اساتذہ کی قدر کرتی ہیں وہ نیک ہیں۔

سوال نمبر ۹ : تَرْجِمْ/ تَرْجِمِيْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی میں ترجمہ کرو۔

(ا) وہ دونوں ڈاک خانے میں داخل ہوتے ہیں۔

(ب) اس پر کتنا خرچ آئے گا؟

(ج) وہ اسے ترازو میں تولتا ہے۔

(د) رجسٹری کرانا ضروری ہے۔

(ہ) عثمان فارم پر کرتا ہے۔

جواب : عربی ترجمہ :

(ا) هُمَا يَدْخُلَانِ فِيْ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ.

(ب) كَمْ يُكَلِّفُ ذٰلِكَ؟

(ج) هُوَ يَزِنُهُ فِي الْمِيْزَانِ.

(د) لَا بُدَّ مِنَ التَّسْجِيْلِ.

(ہ) يَمْلَأُ عُثْمَانُ الْاِسْتِمَارَةَ.

☆......☆......☆

اَلدَّرْسُ الرَّابِعَ عَشَرَ

چودھواں سبق

اَلْاَحَادِیْثُ النَّبَوِیَّۃُ

نبیؐ کی باتیں

﴿اَلْآدَابُ (خوش اخلاقی)﴾

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خَدَمْتُ	میں نے خدمت کی	عَشْرَ سِنِیْنَ	دس سال
مَاقَالَ	آپؐ نے نہ فرمایا	اُفٍّ	اُف
لِمَ صَنَعْتَ	تو نے کس لئے کیا	اَلَاصَنَعْتَ	کیا تو نے نہیں کیا؟
رَجُلًا	آدمی	اَوْصِنِیْ	مجھے وصیت کیجئے
لَا تَغْضَبْ	غصہ نہ کر	رَدَّدَ	دہرایا
مِرَارًا	کئی مرتبہ	اِیَّاکُمْ	تم بچو
اَلْحَسَدَ	جلاپا	یَاْکُلُ	کھا جاتا ہے
اَلْحَسَنَاتِ	نیکیاں	تَاْکُلُ	کھا جاتی ہے
تَجذِبُ اِلَيْهَا الزَّبَائِنُ وَالزُّوَّارُ مِنَ الْاَجَانِبِ وَالْمُوَاطِنِيْنَ.

اس کی طرف ملکی اور غیر ملکی گاہک اور سیاح کھچے چلے آتے ہیں۔

عبداللّٰہ: مَاهِيَ الْبَضَائِعُ التِجَارِيَّةُ الَّتِي تُبَاعُ فِيْ هٰذِهِ السُّوْقِ؟

اس بازار میں کون سا تجارتی سامان فروخت کیا جاتا ہے ؟

احمد: تُبَاعُ بِهَا مُعْظَمُ الْبَضَائِعِ التِجَارِيَّةِ الحَدِيْثَةِ.

اس میں زیادہ تر جدید تجارتی سامان فروخت کیا جاتا ہے۔

وَالَّتِيْ تَحْتَاجُ اِلَيْهَا الْاِنْسَانُ فِيْ حَيَاتِهِ الْمُعَاصِرَةِ.

اور جس کی انسان کو اپنی روزمرہ زندگی میں ضرورت ہوتی ہے۔

عبداللّٰہ: وَعَلٰى سَبِيْلِ الْمِثَالِ.

مثال کے طور پر۔

احمد: تُوجَدُ فِيْهَا دَكَاكِيْنَ وَمَحَلَّاتٌ تِجَارِيَةٌ.

اس میں دکانیں اور تجارتی مراکز ہیں۔

تَبِيْعُ الْاَقْمِشَةَ بِاَنْوَاعِهَا وَالْمَلَابِسَ الْجَاهِزَةَ وَالْاَحْذِيَةَ وَالْاَدَوَاتِ الْمَنْزِلِيَّةَ وَاَدَوَاتِ الزِّيْنَةِ وَمُسْتَحْضَرَاتِ التَّجْمِيْلِ وَالْحُلٰى.

جو مختلف قسم کے کپڑے' ریڈی میڈ لباس' جوتے' گھریلو سامان' میک اپ کا سامان اور بناؤ سنگھار کے کی چیزیں اور زیورات فروخت کرتے ہیں۔

كَمَا تُوجَدُ بِهَا الْمَطَاعِمُ وَالْمَقَاهِيُ.

جیسا کہ اس میں ریستوران اور کافی ہاؤس ہیں۔

عبداللّٰہ: قَدْ زَادَنِيْ حَدِيْثُكَ شَوْقًا اِلٰى سُوْقِ (اَنَار كَلِيْ).

تیری گفتگو نے مجھ میں انار کلی بازار کا شوق بڑھا دیا ہے۔

وَاُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِيَ مِنْهَا الْاَحْذِيَةَ لِنَفْسِيْ وَالْمَلَابِسَ الْجَاهِزَةَ لِاُسْرَتِيْ.

اور میں اس (بازار) سے اپنے لئے جوتے اور اپنے خاندان کے لئے ریڈی میڈ لباس خریدنا چاہتا ہوں۔

احمد: هَيَّابِنَا نَتَوَجَّهُ اِلَى السُّوْقِ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.

آیئے اللہ عزّوجل کا نام لے کر اس بازار کا رخ کریں۔

عبداللّٰہ: وَهَلْ سَيُرَافِقُنَا اَحَدٌ مِنْ اَعْضَاءِ اُسْرَتِكُمُ الْكَرِيْمَةِ؟

اور کیا آپ کے معزز خاندان کے ارکان میں سے بھی کوئی ہمارے ساتھ چلے گا؟

احمد: نَعَمْ سَتُرَافِقُنَا رَبَّةُ الْبَيْتِ

ہاں گھر والی ہمارے ساتھ جائے گی۔

فَهِيَ تُكْثِرُ مِنْ زِيَادَةِ السُّوْقِ.

کیونکہ وہ اکثر بازار جاتی ہیں۔

وَعِنْدَهَا خِبْرَةٌ بِالْبَضَائِعِ وَاَسْعَارِهَا.

اور اس کے پاس چیزوں اور ان کی قیمتوں کی معلومات ہیں۔

عبداللّٰہ: فِعْلًا السَّيِّدَاتُ هُنَّ يَعْرِفْنَ الْبَيْعَ وَالشِّرَاءَ وَالتَّعَامُلَ مَعَ الْبَاعَةِ.

واقعی خواتین خرید و فروخت اور دکانداروں سے معاملہ کرنا جانتی ہیں۔

احمد: صَدَقْتَ يَا سَيِّدِيْ.

جناب آپ نے سچ فرمایا!

وَ ذٰلِكَ مَجَالُهُنَّ.

اور یہ ان کا میدان (فیلڈ) ہے

طَيِّبٌ نَخْرُجُ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ.

اچھا تو اللہ کا نام لے کر نکلیں۔

عبداللّٰہ: وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا.

اور اللہ پر ہم نے بھروسہ کیا۔

مشقیں

سوال نمبر ۱ : اَجِبْ/ اَجِيْبِيْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ

درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

سوال : مَنْ هُوَ الدُّكْتُوْرُ عَبْدُاللهِ السَّعُوْدِیُّ؟

ڈاکٹر عبداللہ سعودی کون ہے ؟

جواب : هُوَ مِنَ الْعُلَمَاءِ السَّعُوْدِيِّيْنَ الْاَفَاضِلِ وَمِنْ رِجَالِ الدَّعْوَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ الْبَارِزِيْنَ.

وہ سعودی فاضل علماء سے ہے اور دعوت اسلامی کے نمایاں لوگوں میں سے ہے۔

سوال : هَلْ كَانَ الدُّكْتُوْرُ عَبْدُ اللهِ يَعْرِفُ شَيْئًا عَنْ لَاهُوْرَ قَبْلَ اَنْ يَّزُوْرَهَا؟

کیا ڈاکٹر عبداللہ لاہور کو دیکھنے سے پہلے لاہور کے بارے کچھ جانتا تھا

جواب : نَعَمْ كَانَ هُوَ يَعْرِفُ كَثِيْرًا عَنْ لَاهُوْرَ قَبْلَ اَنْ يَّزُوْرَهَا.

ہاں وہ لاہور دیکھنے سے پہلے لاہور کے بارے میں بہت کچھ جانتا تھا۔

سوال : اَيْنَ يَقَعُ الطَّرِيْقُ الدَّائِرِيُّ بِمَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ الْقَدِيْمَةِ

پرانے شہر لاہور میں سرکلر روڈ کہاں واقع ہے۔

جواب : اَلطَّرِيْقُ الدَّائِرِيُّ يَمُرُّ اَمَامَ اَبْوَابِ مَدِيْنَةِ لَاهُوْرَ الْقَدِيْمَةِ

سرکلر روڈ پرانے شہر لاہور کے دروازوں کے سامنے سے گزرتا ہے۔

سوال : اَيُّهُمَا اَجْمَلُ وَاَكْثَرُ زُوَّارًا؟ اَنَار كَلِي الْقَدِيْمَةُ اَوِ الْجَدِيْدَةُ؟

کون سی زیادہ خوب صورت اور آنے والوں کے اعتبار سے زیادہ پر ہجوم ہے۔ پرانی انار کلی یا نئی انار کلی۔

جواب : اَنَار كَلِي الْجَدِيْدَةُ هِيَ اَجْمَلُ وَاَكْثَرُ زُوَّارًا

نئی انار کلی زیادہ خوب صورت ہے اور سیاحوں کا زیادہ آنا جانا ہے۔

سوال : هَلْ فَقَدَتْ سُوْقُ اَنَار كَلِي رَوْنَقَهَا بِوُجُوْدِ الْاَسْوَاقِ الْحَدِيْثَةِ؟

کیا انار کلی کا بازار نئے بازاروں کے وجود میں آنے سے اپنی رونق کھو بیٹھا ہے ؟

جواب : لَا، لَمْ تَفْقِدْ سُوْقُ اَنَار كَلِي رَوْنَقَهَا بِوُجُوْدِ الْاَسْوَاقِ الْحَدِيْثَةِ.

نہیں انار کلی بازار نے نئے بازاروں کے وجود میں آنے سے اپنی رونق نہیں کھوئی

سوال : مَاذَا يُبَاعُ فِي سُوْقِ اَنَار كَلِي؟

انار کلی بازار میں کیا فروخت کیا جاتا ہے ؟

جواب : تُبَاعُ فِي سُوْقِ اَنَار كَلِي الْاَقْمِشَةُ وَالْمَلَابِسُ الْجَاهِزَةُ وَالْاَحْذِيَةُ وَالْاَدَوَاتُ الْمَنْزِلِيَّةُ وَاَدَوَاتُ الزِّيْنَةِ

انار کلی بازار میں کپڑے، ریڈی میڈ لباس، جوتے گھریلو سامان اور میک اپ کا سامان فروخت کیا جاتا ہے۔

سوال : هَلْ زُرْتَ/زُرْتِ يَوْمًا سُوْقَ لَاهُوْرَ هٰذِهِ؟

کیا آپ نے کسی دن لاہور کا یہ بازار دیکھا ؟

جواب : نَعَمْ زُرْتُهَا

ہاں میں نے دیکھا۔

سوال نمبر ۲ : صَحِّحْ/صَحِّحِي الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ:

درج ذیل جملے درست کریں۔

(ا) هُوَ عَالِمُ السَّعُوْدِيُّ وَالرَّجُلُ الدَّعْوَةِ الْاِسْلَامِيَّ.

(ب) سُوْقُ اَنَار كَلِي قَدِيْمٌ جِدًّا وَفِيْهِ مَحَلَّاتُ التِّجَارِيُّ كَثِيْرَةٌ.

(ج) قَدْ اِنْخَفَضَ الْحَرَارَةُ وَهَدَاتِ الْجَوُّ.

(د) هُمَا سُوْقَانِ اَحَدُ هُمَا يُسَمَّى اَنَار كَلِي الْقَدِيْمُ وَالْاٰخَرُ اَنَار كَلِي الْجَدِيْدَةَ.

(ہ) اَنَا اشْتَرَيْ بِالْاَمْسِ اَحْذِيَةَ الْجَمِيْلَةَ وَالْمَلَابِسَ الْجَاهِزَ.

جواب : درست جملے :

(ا) هُوَ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ وَرَجُلُ الدَّعْوَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ.

وہ سعودی عالم ہے اور دعوت اسلامی کا آدمی ہے۔

(ب) سُوْقُ اَنَار كَلِي قَدِيْمَةٌ جِدًّا وَفِيْهَا مَحَلَّاتٌ تِجَارِيَّةٌ كَثِيْرَةٌ.

انار کلی بازار بہت پرانا ہے اور اس میں بہت سے تجارتی مراکز ہیں۔

(ج) قد انخفضت الحرارة وهدأ الجوُّ.

حرارت کم ہو گئی ہے اور فضا پر سکون ہو گئی ہے۔

(د) هما سوقان إحدا هما تسمّى انار کلی القديمة والأخرى انار کلی الجديدة

دو بازار ہیں ان میں سے ایک کا نام پرانی انار کلی ہے اور دوسری نئی انار کلی ہے۔

(ہ) انا اشترى للغد احذية جميلة والملابس الجاهزة.

میں کل خوب صورت جوتے اور تیار شدہ کپڑے خریدوں گا۔

سوال نمبر ۳ :املا/ املئي الفراغات الآتية بكلمات مناسبة:

درج ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں۔

(ا) نزل عبدُ الله ضيفًا .... صديقه ....

(ب) قدسمعتُ كثيرًا .... مدينة لاهور وحدائقها

(ج) السُّوقُ الجديدةُ أجملُ .... القديمة و .... اكثر ازدحامًا ....

(د) كانتْ انار كلى .... جميلةً من إماء الأمبر اطور

جواب : مکمل جملے :

(ا) نزلَ عبدُ الله ضيفًا علي صديقه الباكستاني.

عبداللہ اپنے پاکستانی دوست کے پاس مہمان ٹھہرا۔

(ب) قدسمعتُ كثيرًا عن مدينة لاهور وحدائقها واسواقها

میں نے لاہور کے بارے میں اور اس کے باغات اور اس کے پر ہجوم بازاروں کے بارے میں بہت سن رکھا ہے۔

(ج) السُّوقُ الجديدةُ اجملُ من القديمة وهي اكثرُ ازدحامًا منها

نیا بازار پرانے سے زیادہ خوب صورت ہے اور یہ اس سے زیادہ پر ہجوم ہے۔

(د) كانتْ انار كلى أمةً جميلةً من إماءِ الأمبرا طور المغولي جلال الدين اكبر

انار کلی مغل شہنشاہ جلال الدین اکبر کی ایک خوب صورت کنیز تھی۔

سوال نمبر ۴ : كوّنْ/ كوّني جملًا مفيدةً واستخدمْ /استخدمي فيها المفردات الآتية:

مفید جملے بنائیں اور درج ذیل الفاظ کو ان میں استعمال کریں۔

جولةٌ. تمهيديٌّ. دائريٌّ. ازدحامٌ. روعةٌ. رونقٌ.

جواب : جملوں میں استعمال :

جولةٌ (دورہ)

هو يقومُ بجولةٍ في المحلّات التجاريّة. وہ تجارتی مراکز کا دورہ کرتا ہے۔

تمهيديٌّ (ابتدائی)

جرى الحديثُ التّمهيديُّ بيننا ہمارے درمیان ابتدائی بات چیت ہوئی۔

دائريٌّ (گول)

هذا طريقٌ دائريٌّ یہ گول سڑک ہے۔

ازدحامٌ (ہجوم)

سوقُ انار كلى كثيرةُ الازدحام انار کلی بازار بہت پر ہجوم ہوتا ہے۔

روعةٌ (شان و شوکت)

ازدادتْ روعةُ بيتِكَ. آپ کے گھر کی شان و شوکت بڑھ گئی۔

رونقٌ (رونق)

العيدُ قريبٌ وفي الأسواق رونقٌ عید قریب ہے اور بازاروں میں رونق ہے۔

سوال نمبر ۵ :قدوردتْ جموعٌ كثيرةٌ في الدّرسِ ومنها العُلماءُ جمعُ مكسّر وعلى وزنِ فُعَلَاءَ منْ أوزانِ الجمعِ فما وزنُ زُوّارٍ وهي جمعُ زائرٍ.

سبق میں بہت سی جمع آئی ہیں۔ ان میں سے العلماء جمع مکسر ہے اور جمع کے اوزان میں سے فُعَلَاء کے وزن پر ہے پس آپ بتائیں کہ زُوَّار کا کیا وزن ہے اور یہ زائر کی جمع ہے۔

جواب : وزنُ الجمعِ:

زُوَّار کا وزن فُعَّالٌ ہے۔

سوال نمبر ۶: زَارَ يَزُوْرُ زِيَارَةً فِعْلٌ مُعْتَلٌ وَيُسَمَّى الْاَجْوَفُ الْوَاوِيُّ. صَرِّفْهُ/ صَرِّفِيْهِ مَاضِيًا وَمُضَارِعًا ثُمَّ اِبْحَثْ/ اِبْحَثِيْ عَنْ فِعْلٍ مِثْلِهِ مِنَ الدَّرْسِ وَصَرِّفْهُ/ صَرِّفِيْهِ اَمْرًا وَنَهْيًا.

"زَارَ يَزُوْرُ زِيَارَةً" معتل فعل ہے جس کو اجوف واوی کہا جاتا ہے۔ اس کی ماضی اور مضارع میں گردان کریں۔ پھر سبق سے اس طرح کا ایک فعل تلاش کریں اور اس کی امر اور نہی میں گردان کریں۔

جواب:

فعل ماضی کی گردان

زَارَ	....	واحد مذکر غائب
زَارَا	....	تثنیہ مذکر غائب
زَارُوْا	....	جمع مذکر غائب
زَارَتْ	....	واحد مونث غائب
زَارَتَا	....	تثنیہ مونث غائب
زُرْنَ	....	جمع مونث غائب
زُرْتَ	....	واحد مذکر حاضر
زُرْتُمَا	....	تثنیہ مذکر حاضر
زُرْتُمْ	....	جمع مذکر حاضر
زُرْتِ	....	واحد مونث حاضر
زُرْتُمَا	....	تثنیہ مونث حاضر
زُرْتُنَّ	....	جمع مونث حاضر
زُرْتُ	....	واحد متکلم
زُرْنَا	....	جمع متکلم

فعل مضارع کی گردان

يَزُوْرُ	....	واحد مذکر غائب
يَزُوْرَانِ	....	تثنیہ مذکر غائب
يَزُوْرُوْنَ	....	جمع مذکر غائب

تَزُوْرُ	....	واحد مونث غائب
تَزُوْرَانِ	....	تثنیہ مونث غائب
يَزُرْنَ	....	جمع مونث غائب
تَزُوْرُ	....	واحد مذکر حاضر
تَزُوْرَانِ	....	تثنیہ مذکر حاضر
تَزُوْرُوْنَ	....	جمع مذکر حاضر
تَزُوْرِيْنَ	....	واحد مونث حاضر
تَزُوْرَانِ	....	تثنیہ مونث حاضر
تَزُرْنَ	....	جمع مونث حاضر
اَزُوْرُ	....	واحد متکلم
نَزُوْرُ	....	جمع متکلم

قِيْلَ سے فعل امر کی گردان

قُلْ	....	واحد مذکر حاضر
قُوْلَا	....	تثنیہ مذکر حاضر
قُوْلُوْا	....	جمع مذکر حاضر
قُوْلِيْ	....	واحد مونث حاضر
قُوْلَا	....	تثنیہ مونث حاضر
قُلْنَ	....	جمع مونث حاضر

قِيْلَ فعل نہی کی گردان

لَا تَقُلْ	....	واحد مذکر حاضر
لَا تَقُوْلَا	....	تثنیہ مذکر حاضر
لَا تَقُوْلُوْا	....	جمع مذکر حاضر
لَا تَقُوْلِيْ	....	واحد مونث حاضر
لَا تَقُوْلَا	....	تثنیہ مونث حاضر
لَا تَقُلْنَ	....	جمع مونث حاضر

سوال نمبر ۷ : تفرّج یتفرّج تفرّجًا "فِعْلٌ مِنَ الثُّلاثی المَزِیْدفِیْهِ صَرِّف/صَرِّفی الفعل ماضیًا ومُضارِعًا

"تفرّج یتفرّج تفرّجًا" فعل ثلاثی مزید فیہ ہے۔ اس فعل کی ماضی اور مضارع میں گردان کریں۔

فعل ماضی کی گردان

تفرّج	واحد مذکر غائب
تفرّجا	تثنیہ مذکر غائب
تفرّجوا	جمع مذکر غائب
تفرّجت	واحد مونث غائب
تفرّجتا	تثنیہ مونث غائب
تفرّجن	جمع مونث غائب
تفرّجت	واحد مذکر حاضر
تفرّجتما	تثنیہ مذکر حاضر
تفرّجتم	جمع مذکر حاضر
تفرّجت	واحد مونث حاضر
تفرّجتما	تثنیہ مونث حاضر
تفرّجتنّ	جمع مونث حاضر
تفرّجت	واحد متکلم
تفرّجنا	جمع متکلم

فعل مضارع کی گردان

یتفرّجُ	واحد مذکر غائب
یتفرّجان	تثنیہ مذکر غائب
یتفرّجون	جمع مذکر غائب
تتفرّجُ	واحد مونث غائب
تتفرّجان	تثنیہ مونث غائب
یتفرّجْنَ	جمع مونث غائب
تتفرّجُ	واحد مذکر حاضر
تتفرّجان	تثنیہ مذکر حاضر
تتفرّجُوْنَ	جمع مذکر حاضر
تتفرّجِیْنَ	واحد مونث حاضر
تتفرّجان	تثنیہ مونث حاضر
تتفرّجْنَ	جمع مونث حاضر
اَتفرّجُ	واحد متکلم
نَتَفَرَّجُ	جمع متکلم

سوال نمبر ۸ : تَرْجِمْ/تَرْجِمِی الجُمَلَ الْاٰتِیَۃَ اِلَی الْعَرَبِیَّةِ

درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کرو۔

(ا) گزشتہ گرمیوں میں ایک سعودی دوست ملا۔

(ب) میں نے انار کلی بازار دیکھا۔

(ج) سرکلر روڈ لوہاری دروازے کے سامنے سے گزرتا ہے۔

(د) انار کلی ایک مرکب لفظ ہے۔

(ہ) خواتین خرید و فروخت زیادہ جانتی ہیں۔

جواب : عربی ترجمہ :

(ا) فِی الصَّیْفِ المَاضِی قَابَلْتُ صَدِیْقًا سَعُوْدِیًّا.

(ب). زُرْتُ سُوْقَ "اَنَار کَلِی".

(ج) یَمُرُّ الطَّرِیْقُ الدَّائِرِیُّ اَمَامَ البَابِ "لُوْهَارِی".

(د) "اَنَار کَلِی لَفْظٌ مُرَکَّبٌ.

(ہ) اَلسَّیِّدَاتُ یَعْرِفْنَ کَثِیْرًا اَلْبَیْعَ وَالشِّرَاءَ.

☆ ☆ ☆

اَلدَّرْسُ الثَّامِنَ عَشَرَ

اٹھارواں سبق

قَضَاءُ الْاَمِیْنِ ﷺ

امین ﷺ کا فیصلہ

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلْاَمِیْنُ	امانت کا خیال رکھنے والا۔	قَضَاءٌ	فیصلہ
....	قابل اعتماد۔ نبی پاک	عَمِیْدٌ	سردار۔بابا۔پرنسپل
....	ﷺ کا لقب۔	اَرْسَلَ	بھیجا۔دوڑایا
اَثْنَاء	دوران	اَرْسَلَ خَیَالَہٗ	اپنے خیال کو پرواز دی
قِرَاءَۃٌ	پڑھنا	....	یعنی ان کے تخیل نے پرواز کی۔
اَلسِّیْرَۃَ النَّبَوِیَّۃُ	سیرت نبویؐ	قَرَأَ	پڑھا
صُوْرَۃٌ	صورت۔ شکل	مُمْتِعَۃٌ	دلچسپ
یُحَبِّبُ	پسند آئے	اَلشَّبَابُ	نوجوان
کُتُبٌ	کتابیں	اَجْزَاء	حصے۔پارٹ
سَمَّاہُ	اس نے اس کا نام رکھا	عَلٰی ھَامِشِ	سیرت کا حاشیہ۔
نَعْرِضُ	ہم پیش کرتے ہیں	السِّیْرَۃِ	ڈاکٹر طہ حسین کی کتاب
نُخْبَۃٌ	انتخاب	....	سیرت کا نام
قَصَّ	قصہ بیان کیا	اُسْلُوْبٌ	طریقہ۔سٹائل
اَلرَّائِعُ	شاندار	اَلْخَلَّابُ	دلکش
بُنْیَانٌ	تعمیر	اَلْوَھْنُ	کمزوری۔بوسیدگی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ھَدَمُوْا	انہوں نے گرادی	اَلْبِنَاءُ الْقَدِیْمُ	پرانی عمارت
جَدَّدُوْا	نئی بنائی۔ تجدید کی	طَیِّبٌ	پاکیزہ
لِسَانٌ	زبان	اَلنَّجَّارُ	معمار
اِسْتَعَانَتْ	مدد چاہی	بِنَاءٌ	تعمیر کرنا
جَعَلُوْا یَجْمَعُوْنَ	جمع کرنے لگے	اَلْاَحْجَارُ	پتھر
یَسْعَوْنَ	کوشش کرتے ہیں	بِاَنْفُسِھِمْ	خود
لَا تَسْتَاْجِرُوْنَ	مزدور نہیں رکھتے تھے	لَایَکِلُوْنَ	سپرد نہیں کرتے تھے۔
رَفِیْقٌ	غلام	نُھُوْضٌ	اٹھنا۔بلند ہونا۔
حَقًّا	فرض	....	اٹھان۔بلندی
شُرَفَا	اعزاز	اَعْقَاب	پچھلی نسلیں
اَبْنِیْ	میں تعمیر کرتا ہوں	اُسُسٌ	بنیادیں
یُعَظِّمُوْنَ	وہ تعظیم کرتے ہیں	یُکْرِمُوْنَ	وہ احترام کرتے ہیں
یَرَوْنَ	سمجھتے ہیں	ھِبَۃٌ	انعام
یُوْضَعُ	رکھا جائے	اِخْتَلَفَ	اختلاف کیا۔
یَضَعُ	رکھے گا	مَوْضِعٌ	جگہ
اِبْتَغٰی	چاہا	مَاثُرَۃٌ	کارنامہ۔اعزاز
یَسْتَحِیْلُ	تبدیل ہو جاتا ہے	خُصُوْمَۃٌ	جھگڑا
اَقْصَا	آخری حد	یَتَلَاحَوْنَ	گالی گلوچ کرتے ہیں
یَتَنَاذَرُوْنَ	ایک دوسرے کو دھمکی دیتے ہیں	یُؤْذِنُ	اعلان کرتا ہے
وَقَفَ	رک گئی	فَسَدَ الْاَمْرُ	معاملہ خراب ہو گیا
اَیَّامًا	کئی دن	لَیَالِی	کئی راتیں
تَحَالَفَ	حلف اٹھالیا۔ قسم کھائی	جَفْنَۃٌ	بڑا پیالہ
مَلَؤُا	انہوں نے بھر دیا	بِالدَّمِ	خون سے
غَمَسُوْا	انہوں نے ڈبوئے	یَقْسِمُوْنَ	وہ قسم کھاتے ہیں
لِیَسْتَاثِرَنَّ	اپنے لئے خاص کرلیں	اَلشَّرَفُ	اعزاز

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لَیَمُوْتُنَّ	وہ ضرور مر جائیں گے	یَجْتَمِعُ	جمع ہوتی ہے
اَلْمَلَاءُ	مجلس	یَتَنَاهَوْنَ	ایک دوسرے کو منع کرتے ہیں
تَتَنَاصَحُوْنَ	ایک دوسرے کو سمجھاتے ہیں	یُشِیْرُ	مشورہ دیتا ہے
شَیْخٌ	بزرگ	یُحَکِّمُوْا	منصف بنائیں
اَوَّلَ دَاخِلٍ	پہلے داخل ہونے والا	لَایَلْبَثُوْنَ	وہ نہ ٹھہرے
شَابٌّ	نوجوان	طَلْعَةً	دیدار۔ حسن کے لحاظ سے
هَیْبَةٌ	رعب	سِیْرَةٌ	کردار
اَنْبَاء	خبریں	اَلشَّیْءُ الْکَثِیْرُ	بہت کچھ
اِسْتَیْقَنْتُ	مجھے یقین ہو گیا	مَقْدِمُهُ	اس کا آنا
عَظِیْمُ الْخَطَرِ	بلند رتبہ	مُبْتَهِجِیْنَ	خوشیاں
یَصِیْحُوْنَ	چلاتے ہیں	قَدْ رَضِیْنَا	ہمیں منظور ہے
قَدْ سَلَّمْنَا	ہمیں تسلیم ہے	اَلْخُصُوْمَةُ	مقدمہ
وَقَارٌ	وقار	اَنَاةٌ	حلم
هُدُوْءٌ	سکون	اَرْفَقُ	زیادہ نرم۔ مہربان
اَعْطَفُ	زیادہ مہربان	آثَرَ	ترجیح دینے والا
لَمْ یَنْتِجْ	پیدا نہیں ہوا	تَفْکِیْرٌ	سوچ۔ غور
اِلْهَامًا	الہام۔ وحی	نَزَعَ	اتاری
اَلْقَا	ڈال دی۔ بچھادی	وَسَطٌ	درمیانی
لِیَنْتَدِبْ	چاہیے کہ نمائندگی کرے	رُبْعٌ	چوتھا
اَرْبَاعٌ	چار قبائل	نَفَر	آدمی
یُمَثِّلُوْنَ	نمائندگی کرتے ہیں	زَاوِیَةٌ	کونا۔ گوشہ
تَقَسَّمَتْ	تقسیم کرلیا	قِسْمَةٌ سَوَاء	برابر تقسیم
اِنْتَهَوْا	پہنچے	....	برابر حصہ
خُلَاصَةٌ	اصل	اَلْمَکْرُمَةُ	اعزاز
رَاضُوْنَ	راضی	فَرِحُوْنَ	خوش

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِطْمَأَنَّتْ	مطمئن ہو گئے	اِسْتَبْشَرُوْا	خوش ہوئے
کُفَّ	رک گئی	اَلشَّرُّ	فساد۔ قتل
عُصِمَ	بچانا	اَلْاَنْفُسُ	جانیں۔ زندگیاں
حُقِنَ	روک دیئے گئے	اَلدِّمَاءُ	خون
اَحَبُّ	زیادہ پیارا	اَکْرَمُ	سب سے زیادہ معزز

متن اور ترجمہ

اِنَّ عَمِیْدَ الْاَدَبِ الْعَرَبِیِّ الدُّکْتُوْر طه حسین

بے شک عربی ادب کے باباڈاکٹر طہ حسین نے

اَرْسَلَ خَیَالَهُ عَلٰی سَجِیَّتِهِ اَثْنَا قِرَاءَ تِهِ لِلسِّیْرَةِ النَّبَوِیَّةِ عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ

اپنی عادت کے مطابق سیرت نبویؐ (اس کے مالکؐ پر درود و سلام) کے مطالعہ کے دوران اپنے تخیل کو کھلا چھوڑ دیا (یعنی خیالوں میں گم ہو گئے)

ثُمَّ اَعَادَ کِتَابَةَ مَاقَرَأَ فِیْ صُوْرَةِ قِصَّةٍ مُمْتِعَةٍ

پھر جو پڑھا تھا اس کو ایک دلچسپ قصے کی صورت میں لکھ کر دہرایا۔

لِکَیْ یُحَبِّبَ اِلَی الشَّبَابِ قِرَاءَ ةَ کُتُبِ السِّیْرَةِ

تاکہ وہ (ڈاکٹر طہ حسین) سیرت کی کتابوں کے مطالعے کا شوق نوجوانوں میں پیدا کر دے۔

فَجَاءَ تْ فِیْ ثَلَاثَةِ اَجْزَاءٍ مِّنْ کِتَابٍ

پس یہ کتاب تین جلدوں میں بنی۔

سَمَّاهُ "عَلٰی هَامِشِ السِّیْرَةِ"

اس کا نام اس نے "عَلٰی هَامِشِ السِّیْرَةِ" (حاشیہ سیرت) رکھا۔

وَهَا نَحْنُ نَعْرِضُ فِیْمَا یَلِیْ نُخْبَةً مِنْهُ

اور ہم یہاں نیچے اس سے انتخاب پیش کرتے ہیں۔

قَصَّ فِیْهَا طه حُسَیْنَ فِیْ اُسْلُوْبِهِ الرَّائِعِ الْخَلَّابِ قِصَّةَ بُنْیَانِ قُرَیْشٍ لِلْکَعْبَةِ

اس (انتخاب) میں طہ حسین نے اپنے شاندار خوب صورت انداز میں قریش کی کعبہ کی تعمیر کا قصہ

بیان کیا۔

بَعْدَ اَنْ ظَهَرَ عَلَيْهَا الْوَهْنُ

کیونکہ اس (کعبہ) پر بوسیدگی ظاہر ہونے لگی تھی۔

فَهَدَمُوا الْبِنَاءَ الْقَدِيْمَ ثُمَّ جَدَّدُوْهُ بِطَيِّبٍ مِنْ اَمْوَالِهِ

پس انہوں نے (کعبے کی) پرانی عمارت کو گرادیا اور اپنے پاکیزہ مالوں سے اس کو دوبارہ بنایا۔

وَ كَانَ ذٰلِكَ قَبْلَ بَعْثَتِهِ ﷺ

اور یہ واقعہ آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے کا ہے۔

وَجَعَلَ طٰهٰ حُسَيْنَ الْقِصَّةَ عَلٰى لِسَانِ بَاخُوْمَ.

طٰہٰ حسین نے یہ قصہ باخوم کی زبان سے بیان کروایا ہے۔

هٰذَا النَّجَّارُ الْقِبْطِيُّ الَّذِي اسْتَعَانَتْ بِهِ قُرَيْشٌ عَلٰى بِنَاءِ الْبَيْتِ

یہ (باخوم) قبطی معمار ہے جس کی قریش نے بیت اللہ کی تعمیر میں (بطور کاریگر) مدد طلب کی۔

قَالَ بَاخُوْمُ فِيْمَا قَالَ

باخوم نے جو کچھ کہا وہ یہ کہا۔

ثُمَّ جَعَلُوْا يَجْمَعُوْنَ الْاَحْجَارَ، يَسْعَوْنَ فِيْ جَمْعِهَا بِاَنْفُسِهِمْ.

پھر وہ پتھر جمع کرنے لگے اور ان (پتھروں) کو بذاتِ خود جمع کرتے ہیں۔

لَا يَسْتَاْجِرُوْنَ لِذٰلِكَ اَحَدًا.

وہ اس کام کے لئے کسی کو مزدور نہ رکھتے۔

وَلَا يَكِلُوْنَ ذٰلِكَ اِلٰى رَقِيْقٍ

اور نہ یہ کام کسی غلام کے سپرد کرتے۔

رَوْنَ النُّهُوْضَ بِذٰلِكَ حَقًّا عَلَيْهِمْ وَشَرَفًا يَبْقٰى لَهُمْ فِيْ اَعْقَابِهِمْ

ہ اس (عمارت) کے اٹھانے کو اپنے اوپر فرض سمجھتے تھے اور اس بات کو باعث شرف سمجھتے تھے جو

ن کی آنے والی نسلوں میں زندہ رہے گا۔

اَخَذْتُ اَنَا اَبْنِيْ لَهُمُ الْبَيْتَ اُقِيْمُهُ عَلٰى اُسُسِهِ الْقَدِيْمَةِ الَّتِيْ لَمْ يَمَسُّوْهَا

ر میں ان کے لئے وہ گھر بنانے لگا جس کو میں نے اس کی پرانی بنیادوں پر کھڑا کیا۔ جن (بنیادوں) کو

ہوں نے چھوا تک نہیں تھا۔

هُمْ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ حَجَرٌ

اور اس گھر میں ان کے لئے ایک پتھر ہے۔

يُعَظِّمُوْنَهُ وَ يُكْرِمُوْنَهُ

جس کی وہ تعظیم کرتے ہیں اور جس کا وہ احترام کرتے ہیں۔

وَ يَرَوْنَهُ هِبَةً لَهُمْ مِنْ رَبِّهِمْ

اور جس (پتھر) کو وہ اپنے لئے اپنے رب کی طرف سے تحفہ سمجھتے ہیں۔

فَلَمَّا بَلَغَ الْبِنَاءُ اِلٰى حَيْثُ يَجِبُ اَنْ يُوْضَعَ هٰذَا الْحَجَرُ

پس جب تعمیر اس مقام پر پہنچی جہاں اس پتھر کو رکھا جانا ضروری تھا۔

اِخْتَلَفَ الْقَوْمُ بَيْنَهُمْ

لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا ہو گیا۔

اَيُّهُمْ يَضَعُهُ مَوْضِعَهُ

کہ ان میں سے کون اس (پتھر) کو اس کی جگہ پر رکھے۔

فَكُلُّهُمْ اِبْتَغٰى لِنَفْسِهِ هٰذِهِ الْمَاْثُرَةَ

پس ان میں سے ہر ایک نے اس (کارنامے) کو اپنے لئے پسند کیا۔

وَ كُلُّهُمْ حَرَصَ عَلَيْهَا اَشَدَّ الْحِرْصِ

اور ان میں سے ہر ایک نے اس (کارنامے) کی شدید خواہش کی۔

وَ اِذَا اخْتِلَافُهُمْ يَسْتَحِيْلُ اِلٰى خُصُوْمَةٍ

اور جب ان کا اختلاف جھگڑے کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

وَاِذَا خُصُوْمَتُهُمْ تَبْلُغُ مِنَ الشَّرِّ اِلٰى اَقْصَاهُ

اور جب ان کا جھگڑا شر کی آخری حد تک پہنچ جاتا ہے۔

وَاِذَا هُمْ يَتَلَاحَوْنَ وَيَتَنَاذَرُوْنَ

اور جب وہ آپس میں گالی گلوچ کرتے ہیں اور جھگڑتے ہیں۔

وَيُؤْذِنُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِالْحَرْبِ

اور ان میں ایک دوسرے کو جنگ کی دھمکی دیتا ہے۔

وَقَدْ وَقَفَ الْبِنَاءُ

اور تعمیر رک گئی۔

وَفَسَدَ الْاَمْرُ بَيْنَ الْقَوْمِ فَسَادًا عَظِيْمًا

اور قوم میں یہ معاملہ بہت نازک صورت اختیار کر گیا۔

وَاَقَامُوْا عَلٰی ذٰلِكَ اَيَّامًا وَلَيَالِیَ

اور وہ اسی حالت پر کئی دن اور کئی راتیں رہے۔

وَتَحَالَفَ بَعْضُهُمْ عَلَی الشَّرِّ

اور بعض نے لڑائی پر حلف اٹھالیا۔

فَجَاءُوْا بِجَفْنَةٍ قَدْ مَلَئُوْهَا بِالدَّمِ

پس وہ ایک بڑا پیالہ لائے جس کو انہوں نے خون سے بھر دیا۔

وَغَمَسُوْا فِيْهَا اَيْدِيَهُمْ

اور انہوں نے اس میں اپنے ہاتھ ڈبو دیئے۔

وَهُمْ يُقْسِمُوْنَ لَيَسْتَاثِرُنَّ بِهٰذَا الشَّرَفِ اَوْ لَيَمُوْتُنَّ مِنْ دُوْنِهٖ

اور وہ قسمیں کھا رہے تھے کہ وہ اس شرف کو اپنے لئے خاص کر لیں گے یا اس کی خاطر مر جائیں گے۔

ثُمَّ يَجْتَمِعُ الْمَلَاُ مِنْهُمْ صَبَاحَ يَوْمٍ

پھر ایک دن صبح کے وقت ان میں سے ایک جماعت اکٹھی ہو جاتی ہے۔

يَتَنَاهَوْنَ وَيَتَنَاصَحُوْنَ

پس وہ ایک دوسرے کو روکتے ہیں اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں۔

وَيُشِيْرُ عَلَيْهِمْ شَيْخٌ مِنْهُمْ

اور ان کا ایک بزرگ ان کو مشورہ دیتا ہے۔

اَنْ يُحَكِّمُوْا فِیْ هٰذِهِ الْخُصُوْمَةِ اَوَّلَ دَاخِلٍ عَلَيْهِمْ مِنْ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ، يُسَمُّوْنَهٗ بَابَ بَنِیْ شَيْبَةَ.

کہ وہ اس جھگڑے میں اس شخص کو منصف بنالیں جو مسجد کے دروازوں میں سے ایک دروازے سے ان کے پاس پہلے داخل ہو۔ وہ اس (دروازے) کو باب بنی شیبہ کہتے ہیں۔

فَمَا يَلْبَثُوْنَ اَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهِمْ مِنَ الْبَابِ رَجُلٌ شَابٌّ

پس زیادہ دیر نہ ہوئی کہ ان کے پاس اس دروازے سے ایک نوجوان داخل ہوا۔

لَمْ يَرَوْا اَجْمَلَ مِنْهُ طَلْعَةً وَلَا اَعْظَمَ مِنْهُ هَيْبَةً وَلَا اَحْسَنَ مِنْهُ سِيْرَةً فِیْ قَوْمِهٖ.

خوبصورتی کے لحاظ سے اس سے زیادہ خوبصورت اور رعب میں اس سے بڑھ کر اور اپنی قوم میں

سیرت و کردار کے اعتبار سے اس سے زیادہ خوبصورت وہ کسی کو نہیں سمجھتے تھے۔

سَمِعْتُ مِنْ اَنْبَائِهِ الشَّیْءَ الْكَثِيْرَ

اس کے بارے میں میں نے بہت سی باتیں سن رکھی تھیں۔

وَلٰكِنَّنِیْ اسْتَيْقَنْتُ اَنَّهٗ عَظِيْمُ الْخَطَرِ

لیکن مجھے یقین تھا کہ یہ کوئی بلند مرتبہ آدمی ہے۔

حِيْنَ رَاَيْتُهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلٰی مَقْدَمِهٖ مُبْتَهِجِيْنَ وَيَصِيْحُوْنَ

جب میں نے ان (لوگوں) کو دیکھا کہ وہ اس کی تشریف آوری کو خوش ہو کر دیکھ رہے ہیں اور (خوشی سے) چلاتے ہیں۔

"هٰذَا الْاَمِيْنُ، قَدْ رَضِيْنَا هٰذَا مُحَمَّدٌ قَدْ سَلَّمْنَا"

"یہ امین ہے، ہم خوش ہیں، یہ محمدؐ ہیں، ہم نے تسلیم کیا"۔

ثُمَّ يَعْرِضُوْنَ عَلَيْهِ الْخُصُوْمَةَ

پھر وہ اس کے سامنے مقدمہ پیش کرتے ہیں۔

فَمَا رَاَيْتُ وَقَارًا كَوَقَارِهٖ

تو میں نے اس کے وقار جیسا وقار نہیں دیکھا۔

وَمَا رَاَيْتُ اَنَاةً كَاَنَاتِهٖ

اور میں نے اس کے حلم جیسا حلم نہیں دیکھا۔

وَمَا رَاَيْتُ هُدُوْءًا كَهُدُوْءِ نَفْسِهٖ

اور میں نے اس کی طبیعت کے سکون جیسا سکون نہیں دیکھا۔

وَمَا رَاَيْتُ رَجُلًا اَرْفَقَ مِنْهُ بِقَوْمِهٖ

اور میں نے کسی کو نہیں دیکھا جو اپنی قوم پر اس سے زیادہ مہربان ہو۔

وَاَعْطَفَ مِنْهُ عَلَيْهِمْ

اور اس سے بڑھ کر شفیق ہو۔

وَاٰثَرَ مِنْهُ لَهُمْ بِالْخَيْرِ

اور اس سے بڑھ کر اپنی قوم کے لئے بھلائی کا ایثار کرنے والا ہے۔

وَانْظُرُوْا اِلٰی قَضَائِهٖ فِيْهِمْ

اور ان (لوگوں) کے درمیان اس کے فیصلے کو دیکھو۔

فستروْن كما اَرىٰ

پس تم بھی ایسا ہی سوچو گے جیسا کہ میں سوچتا ہوں۔

انّهُ لَمْ يَنتج عَن تفكير انسان

کہ یہ (فیصلہ) انسانی سوچ کا نتیجہ نہیں تھا۔

وانّما كانَ الهامًا من الله

یہ تو اللہ کی طرف سے الہام تھا۔

نزعَ الاَمينُ رداءهُ فالقاهُ علَى الْاَرْضِ ثُمَّ وضعَ الحجر فِي وسطهِ ثُمَّ قالَ لقومهِ

امین نے اپنی چادر اتاری پس اسے زمین پر رکھا پھر اس پتھر کو اس (چادر) کے درمیان میں رکھا پھر اپنی قوم سے کہا:

"لِينتدِبْ مِنْ كُلِّ رُبْعٍ مِنْ اَرْبَاعِ قُرَيْشٍ رَجُلٌ"

"چاہئے کہ نمائندگی کرے قریش کی چاروں شاخوں میں سے ہر شاخ کا آدمی"۔

فلمَّا اجتمعَ اَربعةُ نفرٍ

پس جب چار فرد اکٹھے ہو گئے۔

يُمثِّلُونَ قومَهُ كُلَّهُمْ

جو اپنی ساری قوم کی نمائندگی کرتے ہیں۔

قالَ: "لِيَاخُذْ كُلُّ واحدٍ مِنكُمْ بِزَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَا الرِّدَاءِ"

اس نے کہا: "چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک چادر کے کونوں میں سے ایک کونہ پکڑ لے۔

ففعلُوا واشتركتْ قُرَيْش كُلُّهَا فِي رَفْعِ الحجرِ

پس انہوں نے (یہی) کیا اور (اس طرح) سارے قریش اس پتھر کو اٹھانے میں شریک ہو گئے۔

وتقسَّمتْ قُرَيْش كُلُّهَا هٰذَا الشَّرَفَ العَظِيمَ قِسمةً سواءً عَدْلًا

اور سب قریش نے اس عظیم شرف کو برابر برابر اور عادلانہ طور پر تقسیم کر لیا۔

حتّى اِذَا انتهوْا الى البِنَاءِ

حتیٰ کہ جب وہ عمارت تک پہنچے۔

اثرهُ رَبُّهُ بخلاصةِ هٰذا الشَّرَفِ وخَيْرَ مَا فِي هٰذِهِ المَكْرُمَةِ

اس کے رب نے اس کو اس شرف کے جوہر کے لئے اور اس اعزاز کے بہتر حصے کے لئے چن لیا۔

فيَاْخُذُ الحجرَ بِيَدِهِ

پس آپ اس پتھر کو اپنے ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں۔

ويضعهُ فِي موضعهِ

اور اس کو اس کے مقام پر رکھ دیتے ہیں۔

والقومُ راضونَ فرحُونَ

اور لوگ راضی خوش ہیں۔

قداطمانّتْ قُلُوبُهُمْ الى هٰذَا العدْلِ

ان کے دل اس عدل سے مطمئن تھے۔

واستبشرُوا بما كُفَّ عنهُمْ مِنَ الشَّرِّ

اور وہ خوش تھے اس چیز سے جس نے ان کو شر سے دور رکھا۔

وبما عصمَ لهُمْ مِنَ الْاَنفُسِ

اور جس نے ان کی جانوں کو بچا لیا۔

وحَقَنَ لهُمْ مِنَ الدِّمَاءِ

اور ان کے لئے خون ریزی کو روک لیا گیا۔

وهنا استيقنتُ انِّيْ رَجُلًا هُوَ اَحَبُّ خلقِ اللهِ الى اللهِ واكرمُهُمْ عليهِ

اور اب مجھے یقین ہوا کہ میں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا ہے جو اللہ کو اس کی ساری مخلوق سے زیادہ پیارا ہے اور اس (اللہ) کے نزدیک سب سے زیادہ معزز ہے۔

مشقیں

سوال نمبر ۱: اَجِبْ/ اَجِيبِيْ عَنِ الْاَسئِلَةِ التَّالِيَةِ

درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

سوال: بِمَ سَمَّا الدُّكْتُورْ طٰهٰ حسين كِتَابَهُ فِي السِّيرَةِ؟

ڈاکٹر طہٰ حسین نے سیرت نبویؐ پر اپنی کتاب کا نام کیا رکھا؟

جواب: سَمَّاهُ "عَلَى هَامِشِ السِّيْرَةِ"

اس نے اس کا نام "عَلَى هَامِشِ السِّيْرَةِ" رکھا۔

سوال: عَلَى لِسَانِ مَنْ جَعَلَ لَهُ حُسْنَ الْقِصَّةِ؟

ط حسین نے کس کی زبان سے یہ قصہ سنایا؟

جواب: عَلٰی لِسَانِ بَاخُوْمُ النَّجَّارِ الْقِبْطِی.

باخوم نامی قبطی معمار کی زبان سے۔

سوال: بِمَ مَلَأَتْ قُرَیْشُ الْجَفْنَةَ وَ مَاذَا فَعَلُوْا بِهَا؟

قریش نے بڑے پیالے کو کیوں بھرا اور انہوں نے اس بڑے پیالے سے کیا کیا؟

جواب: مَلَأَتْ قُرَیْشُ الْجَفْنَةَ بِالدَّمِ وَ غَمَسُوْا فِیْهَا اَیْدِیَهُمْ وَهُمْ یَقْسِمُوْنَ لَیَسْتَأثِرُنَّ بِشَرَفِ رَفْعِ الْحَجَرِ اَوْ لَیَمُوْتُنَّ مِنْ دُوْنِهٖ

قریش نے خون سے بڑا پیالہ بھر لیا اور اس میں اپنے ہاتھ ڈبو لیے اور وہ قسمیں کھاتے ہیں کہ پتھر اٹھانے کے شرف کو وہ ضرور حاصل کریں گے، ورنہ اس کے لئے وہ مر جائیں گے۔

سوال: بِمَ اَشَارَ عَلَیْهِمْ شَیْخٌ مِنْهُمْ؟

ان کے بزرگ نے ان کو کس بات کا مشورہ دیا؟

جواب: اَشَارَ عَلَیْهِمْ شَیْخٌ مِنْهُمْ اَنْ یُحَكِّمُوْا فِیْ هٰذِهِ الْخُصُوْمَةِ اَوَّلَ دَاخِلٍ عَلَیْهِمْ مِنْ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ.

ان کے بزرگ نے ان کو مشورہ دیا کہ وہ مسجد کے دروازے میں سب سے پہلے داخل ہونے والے کو منصف تسلیم کر لیں۔

سوال: مَاذَا قَالَ الْاَمِیْنُ (ﷺ) عِنْدَ مَا اجْتَمَعَ اَرْبَعَةُ نَفَرٍ مِنْ قُرَیْشٍ؟

امینؐ نے اس وقت کیا کہا جب قریش کے چاروں آدمی جمع ہو گئے۔

جواب: قَالَ: "لِیَاْخُذْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ بِزَاوِیَةٍ مِنْ زَوَایَا الرِّدَاءِ"

آپؐ نے کہا کہ تم میں سے ہر ایک چادر کے چار کونوں میں سے ہر ایک کونہ پکڑ لے۔

سوال نمبر ۲: اِمْلَاء / اِمْلَئِیْ الْفَرَاغَاتِ بِكَلِمَاتٍ مُنَاسِبَةٍ

خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کریں۔

(ا) جَعَلُوْا ...... الْاَحْجَارَ ...... فِیْ جَمْعِهَا بِاَنْفُسِهِمْ.

(ب) فَلَمَّا ...... الْبِنَاءُ اِلٰی حَیْثُ یَجِبُ اَنْ ...... هٰذَا الْحَجَرِ

(ج) لَمْ یَرَوْا ...... مِنْهُ طَلْعَةً وَلَا ...... مِنْهُ هَیْبَةً.

جواب: درست جملے:

(ا) جَعَلُوْا یَجْمَعُوْنَ الْاَحْجَارَ وَ یَسْعَوْنَ فِیْ جَمْعِهَا بِاَنْفُسِهِمْ

وہ پتھروں کو اکٹھا کرنے لگے اور ان کو جمع کرنے میں خود کوشش کرنے لگے۔

(ب) فَلَمَّا بَلَغَ الْبِنَاءُ اِلٰی حَیْثُ یَجِبُ اَنْ یُوْضَعَ هٰذَا الْحَجَرِ

تو جب تعمیر اس جگہ پر پہنچی جہاں اس پتھر کو رکھنا ضروری تھا۔

(ج) لَمْ یَرَوْا اَجْمَلَ مِنْهُ طَلْعَةً وَلَا اَعْظَمَ مِنْهُ هَیْبَةً.

انہوں نے نہیں دیکھا اس سے زیادہ خوب صورت اور زیادہ رعب والا۔

سوال نمبر ۳: صَحِّحْ / صَحِّحِیْ مِنَ الْجُمَلِ:

درج ذیل جملوں کی تصحیح کریں۔

(ا) جَاءَتِ الْقِصَّةُ فِیْ ثَلَاثِ اَجْزَاءٍ.

(ب) جَعَلَتْ طٰهٰ حُسَیْنَ الْقِصَّةَ عَلٰی لِسَانِ بَاخُوْمَ

(ج) فِیْ هٰذَا الْبَیْتِ حَجَرٌ یُعَظِّمُوْنَهَا وَ یُكْرِمُوْنَهَا.

(د) وَاِذَا اخْتِلَافُهُمْ تَسْتَحِیْلُ اِلَی خُصُوْمَةٍ.

جواب: درست جملے:

(ا) جَاءَتِ الْقِصَّةُ فِیْ ثَلَاثَةِ اَجْزَاءٍ

کہانی تین حصوں پر مشتمل ہے۔

(ب) جَعَلَ طٰهٰ حُسَیْنُ الْقِصَّةَ عَلٰی لِسَانِ بَاخُوْمَ.

ط حسین نے یہ قصہ باخوم کی زبان سے سنوایا۔

(ج) فِیْ هٰذَا الْبَیْتِ حَجَرٌ یُعَظِّمُوْنَهٗ وَ یُكْرِمُوْنَهٗ

اس گھر میں ایک پتھر ہے جس کی عظمت کے وہ قائل ہیں اور اس کا احترام کرتے ہیں۔

(د) وَ اِذَا اخْتِلَافُهُمْ یَسْتَحِیْلُ اِلٰی خُصُوْمَةٍ

اور جب ان کا اختلاف جنگ و جدل کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

سوال نمبر ۴ : اِسْتَخْدِمْ/ اِسْتَخْدِمِی الْکَلِمَاتِ التَّالِیَةَ فِیْ جُمَلٍ مُفِیْدَۃٍ۔

درج ذیل الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

نُخْبَةٌ. قَصَّ. خَلَّابٌ. هِبَةٌ. اِشْتَرَكَ.

جواب : جملوں میں استعمال :

نُخْبَةٌ (انتخاب)

هٰذِهٖ نُخْبَةٌ مِنَ الْقِصَّةِ الطَّوِیْلَةِ — یہ لمبے قصے میں سے ایک انتخاب ہے۔

قَصَّ (سنایا)

هُوَ قَصَّ قِصَّةً مُمْتِعَةً — اس نے دلچسپ قصہ سنایا۔

خَلَّابٌ (دلکش)

اَنَا اُحِبُّ جَمَالَ الْوَادِی الْخَلَّابِ — میں وادی کے دلکش حسن کو پسند کرتا ہوں۔

هِبَةٌ (انعام)

هٰذِهٖ هِبَةٌ مِنَ اللّٰهِ — یہ اللہ کا انعام ہے۔

اِشْتَرَكَ (شریک ہوا)

اِشْتَرَكَ اَصْدِقَاءُ مَاجِد فِیْ حَفْلَةِ زَوَاجِه — ماجد کے دوست اس کی شادی کی تقریب میں شریک ہوئے۔

سوال نمبر ۵ : حَوِّلْ / حَوِّلِی الْمُفْرَدَ اِلَى الْجَمْعِ وَالْجَمْعَ اِلَى الْمُفْرَدِ۔

واحد کو جمع میں اور جمع کو واحد میں تبدیل کریں۔

عَمِیْدٌ. سَجِیَّةٌ. اَحْجَارٌ. قِصَّةٌ. اُسْلُوْبٌ. اَبْوَابٌ. مَاثُرَةٌ. اُسُسٌ. اَجْزَاءٌ. اَنْفُسٌ.

جواب :

واحد	جمع
عَمِیْدٌ	عُمَدَاءُ
سَجِیَّةٌ	سَجِیَّاتٌ
قِصَّةٌ	قِصَصٌ
مَاثُرَةٌ	مَآثِرُ

واحد	جمع
حَجَرٌ	اَحْجَارٌ
بَابٌ	اَبْوَابٌ
اَسَاسٌ	اُسُسٌ
جُزْءٌ	اَجْزَاءٌ
نَفْسٌ	اَنْفُسٌ

سوال نمبر ۶ : هَاتِ/ هَاتِیْ صِیَغَ الْمُضَارِعِ مِمَّا یَلِیْ۔

درج ذیل سے مضارع کے صیغے لاؤ۔

جواب :

ماضی	مضارع
رَدَّ	یَرُدُّ
دَلَّ	یَدُلُّ
شَدَّ	یَشُدُّ
وَدَّ	یَوَدُّ
حَنَّ	یَحُنُّ
مَنَّ	یَمُنُّ

سوال نمبر ۷ : هَاتِ/ هَاتِیْ صِیْغَتَیِ الْمُضَارِعِ وَالْمَاضِیْ مِنَ الْمَصَادِرِ التَّالِیَةِ۔

درج ذیل مصادر سے ماضی اور مضارع کے صیغے بتائیں۔

اِنْعَام. اِکْرَام. اِبْدَال. تَدْبِیْر. تَکْبِیْر. تَرْغِیْب. تَمْهِیْد.

جواب :

مصادر	ماضی	مضارع
اِنْعَام	اَنْعَمَ	یُنْعِمُ
اِکْرَام	اَکْرَمَ	یُکْرِمُ
اِبْدَال	اَبْدَلَ	یُبْدِلُ

مصادر	ماضی	مضارع
تدبیر	دبّر	یُدبّر
تکبیر	کبّر	یُکبّر
ترغیب	رغّب	یُرغّب
تمہید	مہّد	یُمہّد

سوال نمبر ۸ : ترجم/ ترجمی الی العربیۃ۔

عربی میں ترجمہ کرو۔

(۱) معاملہ لوگوں کے درمیان بگڑ گیا۔

(۲) وہ کئی شب وروز اسی کیفیت میں رہے۔

(۳) رسول اللہ ﷺ نے اپنی چادر زمین پر ڈال دی۔

(۴) پھر پتھر کو اس کے درمیان میں رکھا۔

(۵) تمام قریش پتھر کے اٹھانے میں شریک ہو گئے۔

جواب : عربی ترجمہ :

(۱) فَسَدَ الامرُ بین القوم.

(۲) اَقَامُوْا علی ذلك ایّامًا و لیالی.

(۳) اَلقٰی رسُوْلُ اللہ ﷺ رداءہٗ علی الارض.

(۴) وضع الحجر فی وسطه.

(۵) اشترکت قُریشٌ کلّھا فی رفع الحجر.

☆ ☆ ☆

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ

انیسواں سبق

اَلْخُطُبُ

خطبات

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خُطْبَة	تقریر	بَعْدَ البَیْعَةِ	بیعت کے بعد
رَوٰی	روایت کیا	اَلطَّبری	عبداللہ بن جریر طبری
بَعَثَ	بھیجا	جَیْشٌ	لشکر
الجُرُفُ	علاقے کا نام	قَامَ	کھڑے ہوئے
حَمِدَ اللّٰهَ	اللہ کی حمد کی	اَثْنٰی	تعریف کی
مِثْلُكُمْ	تمہاری طرح	لَا اَدْرِیْ	میں نہیں جانتا
سَتُكَلِّفُوْنِیْ	تم مجھ پر ایسی ذمہ داری ڈالو گے	یُطِیْقُ	طاقت رکھتا ہے
اصْطَفٰی	چن لیا	عِصْمَةٌ	آپ کو بچایا
الْآفَاتُ	بلائیں	مُتَّبِعٌ	اتباع کرنے والا
مُبْتَدِعٌ	بدعتی	اِسْتَقَمْتُ	سیدھا رہوں
تَابِعُوْنِیْ	میری اطاعت کرو	زُغْتُ	میں بھٹک گیا
قَوِّمُوْنِیْ	مجھے سیدھا کرو	قُبِضَ	انتقال کر گئے
یَطْلُبُهٗ	آپ سے مطالبہ کرے	مَظْلَمَةٌ	زیادتی، ظلم
سَوْطٌ	کوڑا	یَعْتَرِیْنِیْ	مجھے لاحق ہے
غَضِبْتُ	میں ناراض ہوا	لَا اُوْثِرُ	میں متاثر نہیں کروں گا
اَشْعَارٌ	رسم ورواج	اَبْشَارٌ	خوشیاں

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تَغدُوْنَ	تم صبح کرتے ہو	تروْحُوْنَ	شام کرتے ہو
اَجَلٌ	موت	قَدْ غُیِّبَ	غائب کردیا گیا
عَامٌ	سال	فَافعَلُوْا	پس کرو
سَابِقُوْا	بڑھو	مُهَلٌ	مہلتیں۔ مواقع
اجَالٌ	موتیں	نَسَوْا	بھول گئے
اَلجدَّ الجدُّ	محنت کرو	اَلوَحَاء	موت سے ڈرو
اَلنَّجَاءَ	نجات کے طالب ہو	حَثِیْثٌ	متشدد۔ برانگیختہ
مَرٌّ	گزرنا	سَرِیْعٌ	تیز
اِحْذَرُوْا	بچو	اِعْتَبِرُوْا	عبرت حاصل کرو
آبَاءٌ	باپ	اَبْنَاءٌ	بیٹے
اِخْوَانٌ	بھائی	لَا تَغْبِطُوْا	رشک مت کرو
اَلَاحْیَاءُ	زندہ لوگ	اَلَامْوَاتُ	مردے
اَجَلًّا	تیز طرار	خَطَبَ	خطبہ دیا
بُوْیِعَ	بیعت کی گئی	حُمِلْتُ	مجھ پر بوجھ لادا گیا
قَبِلْتُ	میں نے قبول کیا	اِتِّبَاعٌ	پیروی
سَنَّ	طریقہ اختیار کیا	اِسْتَوْجَبْتُمْ	تم ضروری خیال کرتے ہو
اِجْتَمَعْتُمْ	تم نے اجماع کرلیا	سَنَنْتُمْ	تم نے طریقہ بنالیا
اَلْکَفُّ	رک جانا	خَضِرَةٌ	پررونق
شَهِیَتْ	پرکشش ہے	مَالَ	راغب ہوگی
لَا تَرْکَنُوْا	تم نہ جھکو	لَا تَثِقُوْا	اعتماد نہ کرو
ثِقَةٌ	قابل اعتماد	اِعْلَمُوْا	جان لو
غَیْرُ تَارِکَةٍ	چھوڑنے والی نہیں	تَرَكَ	چھوڑ دیا
اعْتَلَّ	بیمار ہوئے	رَهْطٌ	جماعت
صَعِدَ	چڑھے	لَمْ یَبْعَثْ	نہیں بھیجا
نَفْسٌ	ذات	بَیْتٌ	گھر

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
وَالَّذِیْ	اس ذات کی قسم	لَا یَنْتَقِصُ	کم نہیں کرتا
نَقَصَ	کم کرلیا	دَوْلَةٌ	حکومت
اَلعَاقِبَةُ	آخرت	نَبَا	خبر
حِیْنَ	وقت	لَتَعْلَمُنَّ	تم کو معلوم ہو جائیگی

متن اور ترجمہ

قَدْرَوَی الطَّبَرِیُّ:

طبری نے روایت کیا ہے۔

اِنَّ اَبَابَکْرٌ حِیْنَ بَعَثَ جَیْشَ اُسَامَةَ اِلَی الجُرُفِ.

کہ جب ابوبکرؓ نے اسامہ کا لشکر جرف کی طرف بھیجا۔

قَامَ فِی النَّاس

آپ لوگوں میں کھڑے ہو گئے۔

فَحَمِدَ اللّٰهُ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ وَ قَالَ:

پس آپ نے اللہ کی حمد کی اور اس کی ثنا بیان کی اور کہا:

اَیُّهَا النَّاسُ!

اے لوگو!

اِنَّمَا اَنَا مِثْلُکُمْ

میں تو تمہارے جیسا ہوں

وَ اِنِّیْ لَا اَدْرِیْ لَعَلَّکُمْ سَتُکَلِّفُوْنِیْ مَا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ یُطِیْقُ

اور میں نہیں جانتا ہوں شاید تم مجھے اس چیز کا ذمہ دار سمجھو جس کے کرنے کی طاقت اللہ کے رسول کو حاصل تھی۔

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی مُحَمَّدًا عَلَی العَالَمِیْنَ

بے شک اللہ نے محمد ﷺ کو ساری دنیا پر برگزیدہ کیا۔

وَ عَصَمَهُ مِنَ الآفَاتِ

پ ﷺ کو آفتوں سے محفوظ کیا۔

ما انا مُتَّبِعٌ

یں تو اتباع کرنے والا (پیروکار) ہوں

ستُ بِمُبْتَدِعٍ

رعتی نہیں ہوں

استَقَمْتُ تَابِعُوْنِی

اگر میں سیدھا رہوں تو تم میری فرماں برداری کرنا

نْ زِغْتُ فَقَوِّمُوْنِی

کر ٹیڑھا چلوں تو تم مجھ کو سیدھا کر دینا

رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قُبِضَ.

بے شک اللہ کے رسول ﷺ انتقال فرما گئے۔

س اَحَدٌ مِنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ یَطْلُبُہٗ بِمَظْلَمَۃِ ضَرْبَۃِ سَوْطٍ فَمَا دُوْنَھَا.

ں امت میں کوئی شخص نہ تھا جو ایک کوڑے کی ضرب کی زیادتی یا اس سے بھی کم زیادتی کا آپ

مطالبہ کرے۔

نَّ لِیْ شَیْطَانًا یَعْتَرِیْنِیْ

بے شک شیطان میرے ساتھ لگا ہوا ہے۔

غَضِبْتُ فَاجْتَنِبُوْنِیْ.

ر میں غصہ کروں تو مجھ سے بچو

لِیْ اَشْعَارِکُمْ وَ اَبْشَارِکُمْ.

ارے رسم ورواج اور خوشیوں میں خلل نہیں ڈالوں گا۔

کُمْ تَغْدُوْنَ وَ تَرُوْحُوْنَ فِیْ اَجَلٍ

تم صبح وشام موت (کے سائے) میں چلتے ہو۔

بَ عَنْکُمْ عَامُہٗ.

وت کا سال تم سے خفیہ رکھا گیا ہے۔

تَطَعْتُمْ اَلَّا یَمْضِیْ ھٰذَا الْاَجَلُ اِلَّا وَ اَنْتُمْ فِیْ عَمَلٍ صَالِحٍ

پس اگر تم سے ہو سکے تو یہ موت نہ گزرے مگر اس حال میں کہ تم نیک کام میں (مصروف) ہو۔

فَافْعَلُوْا وَ لَنْ تَسْتَطِیْعُوْا ذٰلِکَ اِلَّا بِاللّٰہِ.

پس تم کرو اور تم ہرگز یہ نہیں کر سکتے مگر اللہ کی مدد سے یعنی اس کی توفیق سے

فَسَابِقُوْا فِیْ مُھَلِ آجَالِکُمْ

پس تم اپنی موت کی مہلتوں سے جلد فائدہ اٹھاؤ۔

مِنْ قَبْلِ اَنْ تُسْلِمَکُمْ آجَالُکُمْ اِلَی انْقِطَاعِ الْاَعْمَالِ

اس سے پہلے کہ موتیں تم کو انقطاع عمل (عمل کا موقع نہ رہنا) کے سپرد کر دیں۔

فَاِنَّ قَوْمًا نَسُوْا آجَالَھُمْ

پس ایک قوم ہے جس نے اپنی موتوں کو بھلا دیا ہے۔

وَ جَعَلُوْا اَعْمَالَھُمْ لِغَیْرِھِمْ.

اور انہوں نے اپنے کام دوسروں کے لئے چھوڑ دیئے ہیں۔

فَاِیَّاکُمْ اَنْ تَکُوْنُوْا اَمْثَالَھُمْ

پس تم اس بات سے بچو کہ ان جیسے بن جاؤ۔

اَلْجِدَّ اَلْجِدَّ وَالْوَحَاءَ وَالنَّجَاءَ

پوری پوری کوشش کرو۔ موت سے ڈرو اور نجات کے طالب ہو۔

فَاِنَّ وَرَاءَکُمْ طَالِبًا حَثِیْثًا اَجَلًا مَرُّہٗ سَرِیْعٌ.

پس تمہارے پیچھے ایک سخت جلد باز مطالبہ کرنے والا ہے جو بڑا تیز رو ہے۔

اِحْذَرُوا الْمَوْتَ.

موت سے ڈرو۔

وَاعْتَبِرُوْا بِالْاٰبَاءِ وَالْاَبْنَاءِ وَالْاِخْوَانِ

اور تم باپوں، بیٹوں اور بھائیوں سے عبرت حاصل کرو۔

وَلَا تَغْبِطُوا الْاَحْیَاءَ

زندہ لوگوں پر رشک مت کرو۔

اِلَّا بِمَا تَغْبِطُوْنَ بِہِ الْاَمْوَاتَ

مگر اتنا جتنا تم مردوں پر کرتے ہو۔

خُطْبَةُ عُثْمَانُ بَعْدَ الْبَيْعَةِ

بیعت کے بعد عثمانؓ کا خطبہ

خَطَبَ عُثْمَانُ رضی اللہ عنہ بَعْدَ مَا بُوْيِعَ

بیعت ہو جانے کے بعد عثمانؓ نے خطبہ دیا۔

فَقَالَ:

پس آپ نے فرمایا

اَمَا بَعْدُ، فَانِّي حُمِلْتُ وَقَدْ قَبِلْتُ

امابعد پس مجھ پر بوجھ لادا گیا (مجھ پر خلافت کی ذمہ داری ڈالی گئی) اور میں نے قبول کر لیا ہے۔

اَلَا وَانِّي مُتَّبِعٌ

جان لو کہ میں پیروکار ہوں۔

وَلَسْتُ بِمُبْتَدِعٍ

اور بدعتی نہیں ہوں

اَلَا وَ اِنَّ لَكُمْ عَلَيَّ بَعْدَ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَ سُنَّةِ نَبِيِّهٖ ﷺ ثَلَاثًا

سن لو بے شک اللہ عزوجل کی کتاب اور اس کے نبی ﷺ کی سنت کے بعد تمہارے حق میرے اوپر تین فرض ہیں۔

اِتِّبَاعُ مَنْ كَانَ قَبْلِيْ فِيْمَا اجْتَمَعْتُمْ عَلَيْهِ وَ سَنَنْتُمْ

مجھ سے پہلوں کی پیروی ان معاملات میں جن پر تمہارا اتفاق رائے ہو گیا اور تم نے ان (معاملات) کو معمول بنا لیا۔

وَ سَنَّ سُنَّةَ اَهْلِ الْخَيْرِ فِيْمَا لَمْ تَسُنُّوْا عَنْ مَلَاءٍ

اور اہل خیر کے معمول کو اختیار کرنا ان معاملات میں جن کو ایک جماعت نے معمول نہیں بنایا۔

وَالْكَفُّ عَنْكُمْ اِلَّا فِيْمَا اسْتَوْجَبْتُمْ

اور تم سے برائی کو روکنا سوائے ان چیزوں کے جن کو تم ضروری خیال کرتے ہو۔

اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ

سنو بے شک دنیا پر رونق ہے۔

قَدْ شُهِيَتْ اِلَى النَّاسِ

یہ لوگوں کے لئے پر کشش ہے۔

وَ مَالَ اِلَيْهَا كَثِيْرٌ مِنْهُمْ

اور ان (لوگوں) میں سے اکثر نے اس (دنیا) کی طرف رغبت کر لی۔

فَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى الدُّنْيَا

پس تم دنیا کی طرف نہ جھکو۔

وَلَا تَثِقُوْا بِهَا

اور نہ اس پر اعتماد کرو۔

فَاِنَّهَا لَيْسَتْ بِثِقَةٍ

کیونکہ (دنیا) قابل اعتبار نہیں۔

وَاعْلَمُوْا اَنَّهَا غَيْرُ تَارِكَةٍ

اور جان لو کہ یہ چھوٹنے والی نہیں

اِلَّا مَنْ تَرَكَهَا

ہاں مگر جو اس کو (خود ہی) چھوڑ دے۔

خُطْبَةُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن حسن بن علیؓ کا خطبہ

اِعْتَلَّ الْاِمَامُ عَلِيٌّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ يَوْمًا

ایک روز امام علی کرم اللہ وجہہ بیمار ہو گئے۔

فَاَمَرَ ابْنَهُ الْحَسَنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

پس آپ نے اپنے بیٹے حسنؓ کو حکم دیا۔

اَنْ يُصَلِّيَ بِالنَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

کہ وہ جمعہ کے دن لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ

پس آپ منبر پر چڑھ گئے۔

فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ:

پس آپ نے اللہ کی حمد و ثنا بیان کی پھر فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا اِلَّا اخْتَارَ لَهٗ نَفْسًا وَ رَهْطًا وَ بَيْتًا

بے شک اللہ نے جب بھی کسی نبی کو مبعوث فرمایا تو اس کے لئے ایک خاص ذات، قبیلے اور گھر کا انتخاب فرمایا۔

فوَ الَّذِی بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالحقِ

پس اس ذات کی قسم جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔

لَایَنْتَقِصُ مِنْ حَقِنَا اَهْلِ الْبَیْتِ اَحَدٌ اِلَّا نَقَصَهُ اللّٰهُ مِنْ عَمَلِهٖ مِثْلَهُ

اور جو کوئی بھی ہم اہل بیت کے حق میں سے کم کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اعمال میں اتنی کمی کر دیتا ہے۔

وَ لَا یَکُوْنُ عَلَیْنَا دَوْلَةٌ اِلَّا وَتَکُوْنُ لَنَا العَاقِبَةُ

اور ہم پر (کسی کا) غلبہ نہیں ہوتا مگر عاقبت ہمارے لئے ہوتی ہے۔

وَ لَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهُ بَعْدَ حِیْنَ.

اور کچھ عرصہ کے بعد تو اس خبر کو ضرور جان جائے گا۔

مشقیں

وال نمبر ۱ : اَجِبْ/ اَجِیْبِی عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِیَةِ

درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

سوال : مَنْ رَوَی خُطْبَةَ اَبِی بَکْرٍ؟

ابوبکرؓ کا خطبہ کس نے روایت کیا؟

جواب : رَوَی الطَّبَرِیُّ خُطْبَتَهٗ

آپ کے خطبے کو طبری نے روایت کیا۔

سوال : مَتٰی اَلْقَی اَبُوْبَکْرٍ خُطْبَتَهٗ هٰذِهٖ؟

حضرت ابوبکرؓ نے اپنا یہ خطبہ کب دیا؟

جواب : اَلْقَاهَا حِیْنَ بَعَثَ جَیْشَ اُسَامَةَ

انہوں نے خطبہ دیا جب اسامہؓ کا لشکر بھیجا۔

سوال : مَتٰی خَطَبَ عُثْمَانُ النَّاسَ؟

حضرت عثمانؓ نے لوگوں سے کب خطاب کیا؟

جواب : خَطَبَ النَّاسَ بَعْدَ مَا بُوْیِعَ.

بیعت کیے جانے کے بعد آپ نے لوگوں سے خطاب کیا۔

سوال : مَا هِیَ الْاُمُوْرُ الثَّلَاثَةُ الَّتِی رَآهَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَاجِبَةً عَلَیْهِ؟

وہ کون سے تین امور ہیں جن کو عثمانؓ بن عفان سمجھتے ہیں کہ وہ آپ پر واجب ہیں۔

جواب : (ا) اِتِّبَاعُ الْاِجْمَاعِ (اجماع کی پیروی)

(ب) سَنُّ سُنَّةِ اَهْلِ الْخَیْرِ (اچھے لوگوں کا طریقہ)

(ج) اَلْکَفُّ عَنِ الْمُسْلِمِیْنَ شَرًّا (لوگوں کو شر سے بچانا)

سوال : بِمَا ذَا اَمَرَ عَلِیٌّ اِبْنَهُ الْحَسَنَ؟

حضرت علیؓ نے اپنے بیٹے حسنؓ کو کیا حکم دیا؟

جواب : اَمَرَهٗ اَنْ یُصَلِّیَ بِالنَّاسِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ.

آپ نے ان کو حکم دیا کہ وہ جمعہ کے روز لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

سوال : وَ فِیْ اَیِّ یَوْمٍ اَلْقَی الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ خُطْبَةً؟

حسن بن علیؓ نے اپنا خطبہ کس روز دیا؟

جواب : فِیْ یَوْمِ عَلَالَةِ اَبِیْهِ.

اپنے باپ کی بیماری کے دن۔

سوال نمبر ۲ : غَیِّرْ/ غَیِّرِی الْاَفْعَالَ الْاٰتِیَةَ اِلَی الْمَاضِی وَاسْتَعْمِلْهَا/ اِسْتَعْمِلِیْهَا فِی الجُمَلِ الْمُفِیْدَةِ

درج ذیل افعال کو ماضی میں تبدیل کریں اور ان کو مفید جملوں میں تبدیل کریں

یُکَلِّفُ. یُطِیْقُ. یَسْتَقِیْمُ. یَطْلُبُ. یَتَّبِعُ. یَحْضُرُ. یَبْعَثُ. یَسْتَطِیْعُ. یَتَو

یَخْتَارُ.

جواب :

مضارع	ماضی
یُکَلِّفُ	کَلَّفَ
یُطِیْقُ	اَطَاقَ
یَسْتَقِیْمُ	اِسْتَقَامَ

مضارع	ماضی
يَطلُبُ	طَلَبَ
يَتَّبِعُ	اِتَّبَعَ
يُحْضِرُ	اَحضَرَ
يَبْعَثُ	بَعَثَ
يَستَطِيعُ	اِستَطَاعَ
يَثِقُ	وَثِقَ
يَختَارُ	اِختَارَ

جملوں میں استعمال :

يُكَلِّفُ: لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا.
اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی طاقت کے مطابق۔

يُطِيقُ: هُوَ لَا يُطِيقُ اَنْ يُسَافِرَ اِلٰى فَرَنْسَا.
وہ فرانس کو سفر کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

يَسْتَقِيمُ: عَلَيْهِ اَنْ يَسْتَقِيمَ.
اس پر لازم ہے کہ وہ سیدھا رہے۔

يَطْلُبُ: هُوَ يَطْلُبُ كِتَابَهُ.
وہ اپنی کتاب طلب کرتا ہے۔

يَتَّبِعُ: اَلْمُسْلِمُ يَتَّبِعُ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ.
مسلمان اللہ کے رسول ﷺ کی سنت کی اتباع کرتا ہے۔

يُحْضِرُ: اَحْمَدُ يُحْضِرُ الْمَاءَ الْبَارِدَ.
احمد ٹھنڈا پانی لاتا ہے۔

يَبْعَثُ: اَلْعَدُوُّ يَبْعَثُ جَيْشَهُ لِلْحَرْبِ.
دشمن لڑائی کے لئے اپنا لشکر بھیجتا ہے۔

يَسْتَطِيعُ: هُوَ لَا يَسْتَطِيعُ اَنْ يَقْرَأَ هٰذَا الْكِتَابَ.
وہ اس کتاب کو نہیں پڑھ سکتا۔

يَثِقُ: اَلرَّجُلُ الصَّالِحُ لَا يَثِقُ بِالدُّنْيَا.

مرد صالح دنیا پر اعتبار نہیں کرتا۔

يَخْتَارُ: هُوَ يَخْتَارُ لَهُ رَاحَةً.
وہ اپنے لئے آرام پسند کرتا ہے۔

سوال نمبر ۳ : اِمْلَأْ / اِمْلَئِیْ الْفَرَاغَاتِ الْاٰتِيَةَ بِكَلِمَةٍ مُنَاسِبَةٍ.
درج ذیل خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پر کریں۔

(ا) اَلْمُسْلِمُ مُتَّبِعٌ وَ .... بِمُبْتَدِعٍ.
(ب) اَلْمُؤْمِنُ لَا يَنْسٰى .... هُ.
(ج) اِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَدْ سَنَّ .... حَسَنَةً.
(د) اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ .... اِلَى النَّاسِ.
(ہ) اَلْعَاقِبَةُ .... لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِمُؤْمِنٍ صَالِحٍ.

جواب : مکمل جملے :

(ا) اَلْمُسْلِمُ مُتَّبِعٌ وَ لَيْسَ بِمُبْتَدِعٍ.
مسلمان پیروکار ہوتا ہے اور بدعت کرنے والا نہیں ہوتا

(ب) اَلْمُؤْمِنُ لَا يَنْسٰى رَبَّهُ.
مومن اپنے رب کو نہیں بھولتا۔

(ج) اِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَدْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً.
بے شک ابوبکر نے اچھا طریقہ اختیار کیا۔

(د) اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا اِلَى النَّاسِ.
بے شک اللہ نے محمد ﷺ کو لوگوں کی طرف بھیجا۔

(ہ) اَلْعَاقِبَةُ الصَّالِحَةُ لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِمُؤْمِنٍ صَالِحٍ.
اچھی آخرت صرف نیک مومن کے لئے ہوتی ہے۔

سوال نمبر ۴ : غَيِّرْ / غَيِّرِیْ الضَّمَائِرَ لِلْمُتَكَلِّمِ اِلَى الْمُذَكَّرِ الْغَائِبِ الْوَاحِدِ فِی … الْاٰتِيَةِ.
درج ذیل جملہ میں متکلم کی ضمیروں کو واحد مذکر غائب میں تبدیل کرو۔

جواب : واحد مذکر غائب میں تبدیلی
فَاِنِ اسْتَقَامَ فَتَابِعُوْهُ وَاِنْ زَاغَ فَقَوِّمُوْهُ

پس اگر وہ درست چلے تو اس کی اتباع کرو اور اگر وہ ٹیڑھا چلے تو اس کو سیدھا کر دو۔

سوال نمبر ۵: غَيِّرْ/غَيِّرِيْ مِنَ الْجُمْلَةِ التَّالِيَةِ ضَمِيْرَ الْجَمْعِ الْمُذَكَّرِ الْحَاضِرِ اِلَى الْجَمْعِ الْمُذَكَّرِ الْغَائِبِ:

درج ذیل جملے سے جمع مذکر حاضر کی ضمیر کو جمع مذکر غائب میں تبدیل کرو۔

سُنُّوْا سُنَّةَ اَهْلِ خَيْرِكُمْ فَيَنْفَعُوْكُمْ وَلَا تَسُنُّوْا سُنَّةَ اَهْلِ شَرِّكُمْ فَيَضُرُّوْكُمْ

اپنے میں سے اچھے لوگوں کے طریقے پر چلو پس وہ تمہیں نفع دیں گے اور اہل شر کے طریقے پر مت چلو پس وہ تمہیں نقصان دیں گے۔

اب: جمع مذکر غائب میں تبدیلی

لِيَسُنُّوْا سُنَّةَ اَهْلِ خَيْرِهِمْ فَيَنْفَعُوْهُمْ وَلَا يَسُنُّوْا سُنَّةَ اَهْلِ شَرِّهِمْ فَيَضُرُّوْهُمْ

چاہیے کہ وہ اپنے میں سے اچھے آدمیوں کے معمول کو اپنائیں پس وہ ان کو فائدہ دیں گے اور اپنے میں سے بروں کے معمول کو نہ اپنائیں کیونکہ وہ ان کو نقصان پہنچائیں گے۔

نمبر۶: تَرْجِمْ/ تَرْجِمِيْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ مَا يَاْتِيْ:

درجہ ذیل کا عربی میں ترجمہ کرو۔

(ا) حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ مشہور صحابی ہیں۔

(ب) آپؓ کے والد جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔

(ج) حضرت اسامہ نے اسلامی لشکر کی قیادت کی۔

(د) ہم وہ کام کرتے ہیں جو ہمارے بس میں ہو۔

(ہ) دنیا کا کوئی اعتبار نہیں۔

عربی ترجمہ:

(ا) أُسَامَةُ صَاحِبُ الرَّسُوْلِ الْمَعْرُوْفُ.

(ب) صَارَ اَبُوْهُ شَهِيْدًا فِيْ غَزْوَةِ مُوْتَه.

(ج) كَانَ أُسَامَةُ عَلَى رَأْسِ الْجَيْشِ الْاِسْلَامِيْ.

(د) نَفْعَلُ مَا هُوَ فِيْ مَقْدِرَتِنَا.

(ہ) لَيْسَتِ الدُّنْيَا بِثِقَةٍ.

☆ ☆ ☆

اَلدَّرْسُ الْعِشْرُوْنَ

بیسواں سبق

فِي الشَّجَاعَةِ

بہادری کے بیان میں

مشکل الفاظ کے معنی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لَاأَصْبَحُ	میں نہیں ہوں	اَلْحَيُّ	قبیلہ
اَلْخُلُوْفُ	پیچھے رہ جانے والا	غَارَةٌ	غارت۔ حملہ
اَلْجَيْشُ	لشکر	لَمْ تَاْتِهِ	اس کے پاس نہ آئے
اَلنُّذُرُ	تنبیہ۔ وارننگ	حَاجَتِيْ	میری ضرورت
اَبْغِيْ	میں چاہتا ہوں	وُفُوْرٌ	کثرت
عِرْضٌ	عزت	لَمْ اَفِرْ	میں نے حفاظت نہیں کی
اَلْوَفْرُ	مال و متاع	سَيَذْكُرُ	یاد کرے گی
جِدٌّ	دردمندی۔ تکلیف	جَدَّ	کاٹنا
اَلظَّلْمَاءُ	تاریک	يُفْتَقَدُ	کمی محسوس ہوتی ہے
اَلْبَدْرُ	چودھویں رات کا چاند	"	گم ہو جانے کے بعد
عِشْتُ	میں زندہ رہا	"	تلاش کیا جاتا ہے
اَلطَّعْنُ	نیزہ بازی	قَنَا	نیزے
اَلْبِيْضُ	تلواریں	يَعْرِفُوْنَ	وہ جانتے ہیں
اَلضُّمَّرُ الشُّقْرُ	خاکستری رنگ کے	مُتُّ	میں مر گیا
	محنت کش گھوڑے	مَيِّتٌ	مرنے والا
لَابُدَّ	لازماً۔ اٹل۔ ضروری	طَالَتْ	لمبے ہوں

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلْاَیَامُ	دن	اِنْفَسَحَ	زیادہ ہونا۔ کشادہ ہونا
العُمْرُ	عمر۔زندگی	یَغْلُوْ	مہنگا ہوتا ہے
التِبْرُ	سونا	نَفَقَ	طلب ہونا۔ منڈی
الصُّفْرُ	پیتل		میں چالو ہونا
ناسٌ	لوگ	تَوَسُّطٌ	درمیانہ درجہ
الصَّدْرُ	دل	اَلْقَبْرُ	قبر۔ گور
...وْنَ العَالَمِیْنَ	دنیا کو نظر انداز کرتے ہوئے	تَهُوْنُ	ہلکے ہو جاتے ہیں
...حَسْنَاءُ	خوب صورت لڑکی۔ حسینہ	خَطَبَ	منگنی کی
...مَهْرُ	حق مہر	لَمْ یُغْلِ	مہنگا نہیں سمجھتا
...یَّةٌ	آخری پونجی	صَبُوْرٌ	صبر کرنے والا
...وْلٌ	بہت زیادہ گفتگو کرنے والا	لَمْ تَبْقَ	باقی نہ رہے
...وْزٌ	بہت باوقار	جَوَابٌ	کٹی ہوئی
...لِیْ	میرے اردگرد	اَحْدَاثٌ	حادثات
...ئَةٌ	آن	تَنُوْشُنِیْ	مجھ سے نیزہ بازی کرتی
...ابٌ	جانا		ہے
...مُ	بہت برا۔ سخت	نَكْبَةٌ	مصیبت۔آفت
...صَدَعَ	ضرور پھٹ جائے گا	رَمٰی	پھینکے
...طَرَحْ	نہیں پھینکا	اَلرَّامِیْ	پھینکنے والا
...نٌ	کمزوری	مَرَّتْ	گزری
...كُنْتُ	ذلیل و خوار ہوا	سَلْبٌ	اسلحہ
...	سردار	جَزْعٌ	چیخ و پکار
	بغیر قصاص کے چھوڑا	مَامَاتَ	نہیں مرا
	ہوا	حَتْفَ اَنْفِهٖ	طبعی موت
	دھار	قَتِیْلٌ	مقتول
		تَسِیْلُ	بہتا ہے

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
حَنَّ	مشتاق ہونا	نُفُوْسٌ	لوگ
مُشْتَاقٌ	شوق رکھنے والا۔	ظَنَّ	گمان کیا
	پیار کرنے والا	لَمْ یَمُتْ	نہ مرا
شِدَّةُ الْحُزْنِ	غم کی شدت	لَمَاتَ	مرگیا
عَدَدْنَا	ہم نے شمار کیا	اَلْحَیَاةُ	زندگی
شُجْعَانٌ	بہادر	اَضَلُّ	گمراہ
جَبَانٌ	بزدل	بُدٌّ	چارہ کار
صَوَّانٌ	چقماق	اَلْعَجْزُ	مسکینی

متن اور ترجمہ

قَالَ اَبُوْ فِرَاسٍ الْهَمْدَانِیُّ:

ابو فراس حمدانی نے کہا:

وَلَا اَصْبَحُ الحَیَّ الخُلُوْفَ بِغَارَةٍ
وَلَا الجَیْشَ مَالَمْ تَاْتِهٖ قَبْلِیَ النُّذُرْ

(ترجمہ): اور میں ایسا قبیلہ نہیں ہوں جو غارت گری میں پیچھے رہ جانے والا ہے اور نہ میں ایسا لشکر ہوں کہ جب تک اسے دھمکی نہ ملے وہ اقدام نہیں کرتا۔

وَمَا حَاجَتِیْ بِالمَالِ اَبْغِیْ وُفُوْرَهٗ
اِذَا لَمْ اَفِرْ عِرْضِیْ فَلَا وَفَرَ الوَفْرُ

(ترجمہ): اور مجھے مال کی کیا ضرورت ہے کہ میں اس (مال) کی کثرت کی خواہش کروں جب میں نے اپنی عزت کی حفاظت نہیں کی پس زیادہ دولت نے اس عزت کو نہ بچایا۔

سَیَذْكُرُنِیْ قَوْمِیْ اِذَا جَدَّ اَمْرُ هُمْ
وَفِی اللَّیْلَةِ الظَّلْمَاءِ یُفْتَقَدُ البَدْرُ

(ترجمہ): میری قوم مجھے یاد کرے گی جب ان کا معاملہ سنجیدہ ہو جائے گا اور تاریکی میں چاند کی کمی محسوس کی جاتی ہے۔

فَإِنْ عِشْتُ فَالطَّعْنُ الَّذِیْ یَعْرِفُوْنَهٗ
وَتِلْكَ الْقَنَا وَالْبِیْضُ وَالضُّمَّرُ الشُّقْرُ

(ترجمہ): پس اگر میں زندہ رہا تو پھر وہ نیزہ بازی ہو گی جس کو وہ جانتے ہیں اور وہی نیزے ہوں گے اور وہی تلواریں اور وہی خاکستری رنگ کے محنت کش گھوڑے۔

وَإِنْ مِتُّ فَالْإِنْسَانُ لَا بُدَّ مَیِّتٌ
وَإِنْ طَالَتِ الْأَیَّامُ وَانْفَسَحَ الْعُمْرُ

(ترجمہ): اور اگر میں مر گیا تو ہر انسان لازماً مرنے والا ہے اگرچہ دن طویل ہوں اور عمر دراز ہو۔

وَلَوْ سَدَّ غَیْرِیْ مَا سَدَدْتُ اِکْتَفَوْا بِهٖ
وَمَا كَانَ یَغْلُو التِّبْرُ لَوْ نَفَقَ الصُّفْرُ

(ترجمہ): اگر میرے سوا کوئی میری جگہ لے سکتا تو وہ اس کی طرف متوجہ ہو جاتے۔ اگر پیتل کا سکہ چلتا تو سونا مہنگا نہ ہوتا۔

وَنَحْنُ أُنَاسٌ لَا تَوَسُّطَ عِنْدَنَا
لَنَا الصَّدْرُ دُوْنَ الْعَالَمِیْنَ أَوِ الْقَبْرُ

(ترجمہ): اور ہم ایسے لوگ ہیں کہ ہمارے ہاں درمیانی بات کوئی نہیں یعنی ہم تخت یا تختہ کے قائل ہیں۔ ہمارے پاس دل ہے۔ یا قبر ہے۔ درمیان میں جو دنیا ہے اس کی بات چھوڑو۔

تَهُوْنُ عَلَیْنَا فِی الْمَعَالِیْ نُفُوْسُنَا
وَمَنْ خَطَبَ الْحَسْنَاءَ لَمْ یُغْلِهَا الْمَهْرُ

(ترجمہ): بلندیوں کی تلاش میں جانیں ہمارے لئے کم قیمت ہو جاتی ہیں۔ اور جو حسینہ کو شادی کا پیغام بھیجتا ہے وہ مہر کی رقم کی وجہ سے اس (حسینہ) کو مہنگا خیال نہیں کرتا۔ یعنی بلندیوں پر پہنچنے کے لئے ہم اپنی جانوں کی پرواہ نہیں کرتے۔

وَقَالَ اَیْضًا

اس نے یہ بھی کہا

صَبُوْرٌ وَلَوْ لَمْ تَبْقَ مِنِّیْ بَقِیَّةٌ
قَؤُوْلٌ وَلَوْ أَنَّ السُّیُوْفَ جَوَابُ

(ترجمہ): میں بہت صبر کرنے والا ہوں اگرچہ میرے پاس بچی کچھی پونجی بھی نہ رہے اور میں بہت باتیں کرنے والا ہوں اگرچہ تلواریں کند ہو جائیں۔

وَقُوْرٌ وَأَحْدَاثُ اللَّیَالِیْ تَنُوْشُنِیْ
وَلِلْمَوْتِ حَوْلِیْ جِیْئَةٌ وَذَهَابُ

(ترجمہ): میں بہت باوقار ہوں اگرچہ راتوں کے حادثات مجھ پر نیزہ زنی کرتے ہیں اور موت کا میرے ارد گرد آنا جانا لگا رہتا ہے۔

وَقَالَ الْأَقْرَعُ

اقرع نے کہا

وَنَكْبَةٍ لَوْ رَمَی الرَّامِیْ بِهَا حَجَرًا
أَصَمَّ مِنْ حَجَرِ الصَّوَّانِ لَانْصَدَعَا

(ترجمہ): اور ایک ایسی مصیبت ہے اگر پھینکنے والا اس کو ایسے پتھر پر دے مارے جو چقماق کے پتھر سے بھی زیادہ سخت ہو تو وہ (پتھر) ضرور پھٹ جائے گا۔

مَرَّتْ عَلَیَّ فَلَمْ أَطْرَحْ لَهَا سَلَبِیْ
وَلَا اسْتَكَنْتُ لَهَا وَهْنًا وَلَا جَزَعًا

(ترجمہ): وہ مصیبت مجھ پر گزری لیکن میں نے اس کے سامنے ہتھیار نہیں پھینکے اور نہ میں اس (مصیبت) کے سامنے کمزور، ضعیف اور لاچار ہو کر ذلیل و خوار ہوا ہوں۔

وَقَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ الْحَارِثِیُّ

عبد الملک حارثی نے کہا

وَمَا مَاتَ مِنَّا سَیِّدٌ حَتْفَ أَنْفِهٖ
وَلَا طُلَّ مِنَّا حَیْثُ كَانَ قَتِیْلُ

(ترجمہ): ہم میں سے کوئی سردار طبعی موت نہیں مرا اور ہم میں سے کوئی بغیر قصاص کے چھوڑا ہوا نہیں ہے جب وہ قتل ہو جائے۔ یعنی ہم بدلہ ضرور لیتے ہیں۔

تَسِیْلُ عَلٰی حَدِّ السُّیُوْفِ نُفُوْسُنَا
وَلَیْسَ عَلٰی غَیْرِ السُّیُوْفِ تَسِیْلُ

(ترجمہ): ہماری زندگی تلواروں کی دھار پر بہتی ہیں اور وہ تلواروں کے سوا کسی چیز پر نہیں بہتی ہیں۔

وَقَالَ اَبُو تَمَّام

